گی۔یہ کیاہے، ہم کیابات کر رہے ہیں؟ میرے اوپر الزام لگایاگیا، کمیٹی کے اوپر الزام لگایاگیا، بتائیے کیاچیز غلط کی ہے، کون سی چیز غیر قانونی طور پر ہوئی ہے؟ جو لوگ موجود تھے سب کے دستخط ہوئے ہوئے ہیں۔ ہم نے amendments کیں، جب ہم نے کیاتو ہمارا موقف کیا تھا؟ میں آج بھی کہوں گا کہ خدارا! اس ہاؤس میں قانون سازی ہونے دیں۔PMDC کو ایک سازش کے تحت برباد کر دیا گیا ہے۔آج میرے ملک کے جو ڈاکٹر باہر جاتے ہیں ان کی قطعاً کوئی عزت نہیں ہے، کیوں نہیں ہے، اس کو برباد کرنے والا کون ہے، کس نے پیسے لے کر certificates issue کیے؟ آج اگر ان colleges کو بند کیا جا رہا ہے، ان کو پکڑا جا رہا ہے، Prime Minister کا vision کیا ہے؟ Prime Minister صرف اور صرف یہ چاہتے ہیں کہ عام لوگوں کو صحت کا موقع ملے، ان کو دوائیاں ملیں۔اگر سب لوگ اس پر مل کر قانون سازی کریں تو اس میں کون سی بری بات ہے؟

جناب! میں خود اس Ordinance کے خلاف تھا کہ یہ Ordinance نہیں آنا چاہیے، اس کو بل کی شکل میں آنا چاہیے، ہم اس کی ایک ایک clause کو دیکھ رہے تھے۔اس کے بعد جو سابقہ وزیر صاحب تھے وہ ہمارے ساتھ اس بات پر agree ہوئے، وعدہ کیا کہ سینیٹ اور نیشنل اسمبلی کا ایک ایک ممبر اس میں ڈالا جائے گا۔میرے لیے میڈم بہت قابل احترام ہیں، ابھی انہوں نے straightaway الزام لگا دیا۔میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک شہ سرخی ضرور لگ جائے گی، لگ جائے، کوئی بات نہیں، حقائق، حقائق ہیں۔ان ہی میڈم کے منسٹر نے مجھے فون کیا کیونکہ انہیں ڈر ہے کہ کسی وقت بھی ان کا کھاتا کھل جائے گا۔میں floor of the House پر کہتا ہوں، میں ثابت کر سکتا ہوں کہ ڈاکٹر عاصم نے متعدد مرتبہ مجھے فون کیا، اپنے دوستوں سے مجھے کہلوایا لیکن میاں عتیق ہمیشہ سچی بات کرتا آما ہے اور آج بھی کر رہا ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: تشریف رکھیں، بہرہ مند تنگی صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: ان کو کیا ہوا، یہ ایسے ہی چوہدری بن رہے ہیں۔جناب! ان کو کیا problem ہے؟

جناب چیئرمین: تنگی صاحب! آپ تشریف رکھیں آپ تو کمیٹی کے ممبر، تنگی صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جو میرے ساتھ ہوا ہے میں وہ کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: میاں صاحب conclude کریں۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب! conclude سنئیے گا۔ میں خود اس کی بہت سی شقوں کے خلاف تھا لیکن again آج کیوں ہمارے ہاؤس میں قانون سازی نہیں ہوتی، آج بھی نہیں ہوئی۔ سب اٹھ کر کہیں۔ اگر ایک ایک clause کو monitor کیا جائے، دیکھا جائے، بہتری کے لیے amend کی جائے تو اس میں کون سی بری بات ہے؟ یہاں تک کہ ہم نے preamble change کیا، ہم نے title change کیا، ہم نے اس کی پوری روح کو بدلا، کس لیے؟ اور یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ کسی کے کہنے پر تبدیل کیا جا رہا ہے۔ قطعی طور پر نہیں جناب! میں نے اپنا حق ادا کیا اور وہ حق یہ تھا کہ جو حکومت کا بل ہے اس کو صحیح طریقے سے لایا جائے۔ آج بھی مشاورت کی ضرورت ہے۔ مجھے کیوں یہ کہا جا رہا ہے۔ کیا ہم نے کوئی غلط کام کیا ہے؟ کیا کچھ illegal ہے، یہ رپورٹ ہے، یہ رپورٹ میڈیا میں جا چکی ہے۔

جناب چیئرمین: میاں صاحب thank you اب کمیٹی کے ممبران میں سے کون بات کرنا چاہتا ہے؟ جی اشوک کمار صاحب۔

**Senator Dr. Ashok Kumar**

سینیٹر ڈاکٹر اشوک کمار: جناب چیئرمین! شکریہ۔ ہماری کمیٹی کے جو چیئرمین ہیں، میاں عتیق شیخ صاحب، میں اس floor کے اوپر میاں عتیق شیخ صاحب سے صرف یہ پوچھتا ہوں کہ Sub-Committee کے Convener اور آپ نے بیٹھ کر دونوں نے یہ draft بنایا، دونوں نے Bill reject کروایا، یہ دونوں ساتھ تھے اور انہوں نے اپنے سیکرٹری کو اپنے دفتر میں بلا کر sign کروائے اور اب یہ کہتے ہیں تو کیا رات کو ان کو خواب آیا تھا کہ اس میں amendment کرنی ہے؟ یہ اس floor پر بتائیں۔ نہیں جناب چیئرمین! صرف ایک سیکنڈ، ایک سیکنڈ میری بات سنیں اس کے بعد۔۔۔

جناب چیئرمین: میاں صاحب تشریف رکھیں، پہلے آپ تشریف رکھیں اس کے بعد بات ہو گی۔

سینیٹر ڈاکٹر اشوک کمار: یہاں بدمعاشی نہیں چلے گی، ادھر بیٹھو۔ بس۔۔۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب please

سینیٹر ڈاکٹر اشوک کمار: جناب چیئر مین! مجھے انہوں نے اپنے دفتر میں بلایا، آپ ان کے سیکرٹری کو بلا کر پوچھ لیں۔۔۔

جناب چیئر مین: آپ تشریف رکھیں، ایک منٹ صبر کریں، جی۔

سینیٹر ڈاکٹر اشوک کمار: جناب چیئر مین! آپ صرف دو منٹ سنجیدگی سے میری بات سنیں۔

جناب چیئر مین: میں سنجیدگی سے سن رہا ہوں آپ بولیں۔

سینیٹر ڈاکٹر اشوک کمار: انہوں نے draft دکھایا، میں نے بھی پڑھا، انہوں نے بھی پڑھا، میں نے کہا ٹھیک ہے۔ انہوں نے اپنے سیکرٹری کو بلایا اور کہا کہ یہاں دستخط کرو، دستخط کرو۔ سیکرٹری سے دستخط کروائے اور اسی وقت انہوں نے social media پر دے دیا اور اب ہمارے گلے ڈال رہے ہیں اور دوسرے دن انہیں الہام ہو گیا کہ ایسا ہو گیا۔ دیکھیں بات یہ ہے کہ Bill disapprove ہو گا، میں یہ کہوں گا کہ مہربانی فرما کر ان چیزوں کو چھوڑیں اور آگے چلیں۔

جناب چیئر مین: Thank you سارے تشریف رکھیں کیونکہ اس پر کافی بحث ہو گئی، اس طرح ایک دوسرے پر الزامات نہ لگائیں، آپ سارے colleagues ہیں پھر بھی میں Leader of the House and Opposition سے مشورہ کرنے کے بعد اگر ضروری سمجھا تو اس کو Ethics Committee میں بھیج دوں گا. Thank you جاوید عباسی صاحب بہت ہو گئی اس پر پھر سے Pandora's box کھل جائے گا thank you بہت مہربانی۔ Thank you اب ہاؤس کا ماحول پھر سے ٹھیک کر لیتے ہیں۔ جی شبلی فراز صاحب! آپ resolution پیش کریں۔ Please سینیٹر صاحبان تشریف رکھیں۔ تشریف رکھیں، اب باتیں نہ کریں، ڈاکٹر اشوک صاحب! آپ بھی تشریف رکھیں۔ اس پر بات ہو گئی، اس پر Ruling آ گئی تشریف رکھیں، ڈاکٹر اشوک please تشریف رکھیں۔ جی سینیٹر شبلی فراز صاحب! آپ motion move کریں۔

**<u>Motion for the dispensation of Rules</u>**

Senator Syed Shibli Faraz: I Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the House move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the requirements of Rules 25, 26, 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with in order

to enable the House to pass the resolution for creation of International Parliamentarians, Congress (IPC).

Mr. Chairman: It has been moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirements of Rules 25, 26, 29, 30 and 133 of said Rules be dispensed with in order to enable the House to pass a resolution for creation of International Parliamentarians' Congress (IPC).

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Please move the resolution.

**Resolution moved by Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the House to establish an International Parliamentarians' Congress**

Senator Syed Shibli Faraz: Whereas, the Members of Parliaments have a key role to play in national and global efforts to promote and protect human rights, democracy and peace.

"The world today is challenged by insecurities and inequalities of opportunities and resources that continue to trigger threats to humanity in shape of climate change, ecological depletion, hazards of poverty, unemployment, economic disparity, malnutrition and diseases."

Global challenges are more connected but our responses remain fragmented.

"Parliamentarians have an opportunity and a constitutional responsibility to play a significant role in supporting and monitoring sustainable peace and development which are essential to the future of the planet and humanity.

Acknowledging the need for a robust, interactive, well-connected and progressively deliberative

multilateral platform for parliamentarians around the globe to analyze problems, define strategies, design policies and then implement those plans."

Realizing the fact that parliamentarians, being the elected representatives of the people inherit the natural responsibility to represent the people's thoughts, needs and their cherished aspirations of a secure and prosperous present and future through effective independent dialogue among parliamentarians.

This House while acknowledging the much needed initiative taken by the honourable Chairman Senate of Pakistan, hereby resolves to establish an International Parliamentarians' Congress, as conceived by the Chairman Senate to be a worldwide network of individual Members of Parliaments across countries, who voluntarily intend to work in unison to perpetually develop cooperation, synergy, and strategies across Parliaments to strengthen democracy and achieve a prosperous and peaceful world through effective independent interaction among parliamentarians. The Headquarters of IPC shall be in Islamabad for which building and other allied amenities and taxes/duties exemptions on the logistical measures needed for the establishment of the Congress be provided.

The House authorises the honourable Chairman Senate to take all necessary measures for establishing and making the International Parliamentarians' Congress (IPC) a unique platform to bring together parliamentarians from around the world not just as regional or national representatives, but more so as

global parliamentarians and representatives of the whole humanity.

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House. The question is that the resolution as moved may be passed.

*(The resolution was passed unanimously)*

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously. Thank you. Order No. 16. We may now take up Order No. 16 which pertains to discussion on the current situation in the Indian Occupied Kashmir. Yes, Leader of the Opposition.

## Discussion on the current situation in the Indian Occupied Kashmir

### Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the Opposition

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: شکریہ، جناب چیئرمین۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ کشمیر کے قضیے کو ستر سال سے زیادہ ہوگیا ہے لیکن جو صورت حال گزشتہ چند مہینوں سے .بنی ہوئی ہے مجھے اطمینان ہے کہ وزیر خارجہ یہاں موجود ہیں اور مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ ابتدائی اوقات میں ان کی طرف سے ذرا زیادہ حوصلہ افزا بیان نہیں تھا لیکن بعد میں انہوں نے جو محنت کی ہے اور اس معاملے سے متعلق جتنے بھی دوسرے ممالک کے ذمہ دار لوگ ہیں ان سے جو رابطے کیے ہیں اور ان کا جو نتیجہ نکلا یا بعد میں نکلے گا اس سے میں سمجھتا ہوں کہ تھوڑی تسلی ہوتی ہے کہ جو توقعات مقبوضہ کشمیر کے بزرگوں، مردوں، عورتوں اور بچوں نے پاکستان کی حکومت اور قوم کے ساتھ وابستہ کی تھیں، میرے خیال میں اس میں اچھی خاصی پیش رفت ہوئی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض بڑی طاقتوں سے اس میں جو ان سے توقع کی جاسکتی تھی کہ وہ آگے بڑھ کر انسانی حقوق اور امن کے لیے اس میں بہتر اور قائدانہ کردار ادا کریں گے، اس میں ابھی تک کوئی زیادہ پیش رفت نہیں ہوئی۔

امریکہ کے صدر نے ابتدائی زمانے میں یہ کہا کہ مجھ سے یہ کہا گیا ہے کہ آپ اس میں arbitration کا role ادا کریں۔ تو میں نے ہندوستان کے وزیراعظم سے پوچھا کہ کس معاملے میں تو انہوں نے کہا کہ کشمیر کے معاملے میں۔ تو ہمیں یہ خیال پیدا ہوا کہ شاید امریکہ جو بالکل اس سے الگ

تھلگ رہنا چاہتا ہے وہ اس میں وہ کردار ادا کرے گا جو ابتدائی زمانے میں سیکیورٹی کونسل کے اندر امریکہ نے ادا کیا تھا لیکن جوں جوں وقت گزرتا جارہا ہے ان کے بیانات میں وہ clarity نہیں پائی جاتی جو ابتدائی زمانے میں تھی۔ اب تو وہ ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑ کر مودی اور امریکہ کے صدر یہ کہہ رہے ہیں کہ دونوں ممالک اپنے باہمی معاملات کو حل کرنے کی کوشش کریں اور اس سلسلے میں جب ان کو ضرورت محسوس ہوگی تو وہ پھر ہمیں بھی اس میں involve کرنے کی کوشش کریں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ departure ہے اس earlier stand سے جو ابتدا میں انہوں نے ایک عالمی طاقت کے طور پر کیا تھا لیکن جہاں ہم ان سے گلہ کرتے ہیں اور بعض اسلامی ممالک سے گلہ کرتے ہیں لیکن جو چیز کھل کر سامنے آئی وہ چین کی قیادت نے جو آج تک اس کے اندر بہت ہی مضبوط موقف اختیار کیا ہوا ہے اور ہمیں امید ہے کہ وہ اس مسئلے کے حل کے لیے ایک بڑا موثر کردار ادا کرتے رہیں گے۔

اسی طریقے سے ابتدا سے لے کر ترکی کے صدر صاحب نے ایک برملا بیان دیا تھا اور وہ بار بار اس کا اعادہ بھی کر رہے ہیں۔ ہمیں اس سے بھی بڑی خوشی ہے لیکن جو دیگر اسلامی ممالک ہیں ان میں سے ایران نے اب چند دن پہلے ان کی قیادت اور عام لوگوں نے بہت واضح طور پر کشمیریوں کی اس جدوجہد آزادی میں اپنا بڑا حصہ ڈالا ہے۔ ہم ان کے بھی شکر گزار ہیں لیکن میں جو بات یہاں پر وزیر خارجہ صاحب کی موجودگی میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس میں سب سے زیادہ اور موثر ردعمل بنگلہ دیش کی طرف سے آیا ہے۔ بنگلہ دیش کے نوجوانوں نے جو احتجاجی جلوس نکالا اب ساری دنیا مانتی ہے کہ وہ بڑا ہی موثر اور بھرپور تھا۔ ان کی طرف بھی ہمیں توجہ دینی چاہیے۔ یہ الگ بات ہے کہ 1971 سے لے کر ہمارے تعلقات ان کے ساتھ خراب رہے۔ بعض میں پاکستان کے حامیوں کے خلاف مقدمے بھی بنے اور ان کو پھانسیاں بھی دی گئیں لیکن ملکوں کے تعلقات ایسے طریقے سے بڑھانے چاہئیں کہ جہاں گنجائش دوبارہ ایک بہتر تعلق کی رکھنی چاہیے۔ بنگلہ دیش کے نوجوانوں نے نہ صرف اس مرتبہ کشمیریوں کے حق میں بہت بڑا احتجاجی جلوس نکالا بلکہ عملی طور پر روہنگیا کے مسلمانوں پر جب آفت آئی تو سات لاکھ سے زیادہ لوگوں کو جہاں کہیں اور پناہ نہیں مل رہی تھی اور وہاں ایک بڑا المناک ظلم ہوا تھا، اس وقت بھی اپنے وسائل کم ہونے کے باوجود بنگلہ دیش کی حکومت نے ان کے لئے ایک قطعہ زمین مختص کیا جس میں وہ پناہ لئے ہوئے ہیں، ان کے علاج اور خوراک کے لئے کچھ ممالک بھی ان کی مدد کر رہے ہیں۔ ہمارے سینیٹ کے رکن طلحہ محمود صاحب نے بھی وہاں کئی بار جا کر ان کے لئے نہ صرف

خوراک، ان کے لباس اور علاج کے لئے وہاں مالی امداد دی ہے بلکہ پاکستان کے اندر کئی لوگوں نے اس میں اپنا حصہ بھی ڈالا ہے۔

چند دن پہلے میری ملاقات بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر صاحب سے ہوئی تھی اور ان کی بھی یہ خواہش ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات کو normalcy کی طرف لے جایا جائے۔ اس سلسلے میں، میں وزیر خارجہ صاحب سے گزارش کروں گا کہ جو بھی ان کا سٹاف ہے، ڈپٹی ہائی کمشنر کوئی نہیں ہے اور دیگر سینیئر سٹاف بھی نہیں ہے، ان کے ویزوں کا مسئلہ ہے تو ابتدائی طور پر اگر کسی کا نام یہاں سے بطور High Commissioner of Pakistan in Bangladesh تجویز کیا گیا تھا اور وہاں سے کوئی مثبت جواب نہیں آیا تھا تو اس کو درگزر کر کے نیا نام بھیج سکتے ہیں۔ اس میں کوئی اس طرح کی کیفیت نہیں پیدا کرنی چاہیے کہ ملکوں کے تعلقات ویسے ہی خراب ہو جائیں۔

جہاں یہ کشمیریوں کے لئے آزمائش ہے، پاکستان کے لئے بھی ہے لیکن اس میں دوسرا روشن پہلو یہ ہے کہ پوری دنیا میں کشمیر کا جتنا diaspora ہے یعنی کشمیریوں کی پڑھی لکھی خواتین، British Parliament اور دوسری جگہوں سے جو وہاں ان کی سیاسی پوزیشن ہے، انہوں نے بھی اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ لوگوں کو اکٹھا کر کے جو موجودہ صورت حال ہے اس کو سامنے رکھا ہے اور اس میں بڑی کامیابی ہوئی ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس سلسلے میں ایک ترکیب کے ساتھ پوری دنیا سے نہ صرف جرنلسٹ منگوائے جائیں، ٹیلی وژن کے چینلز منگوائے جائیں اور اگر انڈیا انہیں اجازت نہیں دیتا اپنے ان جرائم کو چھپانے کے لئے تو وہ آزاد کشمیر اور پاکستان میں آکر معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور ان کو یہ سہولت مہیا کرنی چاہیے۔

اس کے لئے، کسی کے ساتھ روٹھ کر بیٹھ جانے سے بہتر یہ ہے کہ اپنے معاملات اور اپنے بیانیئے کو زیادہ مؤثر طریقے سے آگے لے جانے کی ضرورت ہے اور جہاں کہیں پہلے یہ معاملہ نہیں پہنچا تھا اور لوگوں کو اس بات کا علم نہیں تھا، اب بھی بہت ساری چیزیں trickle down ہوتی ہیں لیکن ایک چیز جو سخت تکلیف دہ ہے وہ یہ ہے کہ کشمیر تو کشمیر تھا خود بھارت کے اندر مسلمان بزرگوں، خواتین اور مسلمان نوجوانوں کے ساتھ جو سلوک کیا جا رہا ہے وہ انتہائی تکلیف دہ ہے اور کوئی بھی مہذب دنیا کا ملک اس کو برداشت کرنے لئے تیار نہیں ہو سکتا جو کچھ وہ وہاں کر رہے ہیں۔ وہاں ہتھیار اور تلواریں بنائی جا رہی ہیں اور وہ سپلائی کی جا رہی ہیں کہ وہ لے کر لوگ مقبوضہ کشمیر کے اندر جائیں اور وہاں تھانوں میں

اسلحہ اور ہتھیار رکھیں اور جب انڈیا سے کال آئے تو پھر باہر نکل کر ان کے خلاف وہ استعمال کیے جائیں۔ ویسے بھی دنیا کے اندر کشمیر کے بارے میں جو ایک رائے مستحکم ہوئی ہے اس میں سب سے زیادہ role وہاں کے کشمیریوں کا اپنی قربانیوں کی وجہ سے ہے اور وہ ایک نہیں بلکہ سینکڑوں اور ہزاروں لوگ ایسے ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کی قربانی دی ہے اور آج بھی جب ان کو موقع ملتا ہے تو پھر وہ باہر نکل کر پاکستان اور آزادی کا نعرہ لگاتے ہیں اور بالکل نہیں ڈرتے کہ ان کے سامنے جو لوگ کھڑے ہیں ہندوستان کے فوجی، وہ ان کا لحاظ کریں گے بلکہ وہ ان کے سروں کے اوپر پاؤں رکھ کر ان پر گولیاں چلاتے ہیں لیکن پھر بھی جنازے ہوتے ہیں، ہزاروں کی تعداد میں لوگ وہاں جاتے ہیں اور پھر ان کو پاکستان کے flag میں دفن کیا جاتا ہے۔

سب سے زیادہ کارکردگی وہاں کی قیادت کی ہے خواہ وہ سید علی گیلانی ہوں یا میر واعظ ہوں یا شبیر ملک ہوں یا دوسرے جو لوگ ہیں ان کی بھی ہمت اور قربانی ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ جن لوگوں کی کانگرس کے ساتھ وابستگی تھی انہوں نے بھی یہ بات تسلیم کی ہے کہ ہم غلطی پر تھے اور جو حضرت قائداعظم کا نظریہ تھا وہ اس وقت ہمیں سمجھ میں نہیں آیا لیکن اب یہ ہم سمجھتے ہیں کہ بھارت میں مسلمانوں کے ارد گرد جب تک کوئی صحیح مضبوط حکومتیں نہ ہوں گی اور ان کو بھی آزادی کے لحاظ سے حقوق حاصل نہیں ہوں گے اس وقت تک ان کا اکٹھا رہنا ممکن نہیں ہوگا۔

بہت سی کتابیں اور مضمون لکھے جا رہے ہیں اور لوگ یہی کہہ رہے ہیں کہ اس وقت جن کو سمجھ نہیں آئی تھی وہ آج اس بات کو سمجھتے ہیں کہ جو وژن حضرت قائداعظم کا تھا وہ آج اتنا درست ثابت ہوا ہے کہ ان کے مخالف ترین لوگ بھی اس کو سمجھتے ہیں کہ وہی ایک صحیح راستہ تھا خواہ حضرت علامہ اقبال کا ہو، 1930-31 کے خطبات میں یا حضرت قائداعظم کی مسلسل جدوجہد اور کوشش ہو اور پھر بے شمار وہ لوگ بھی ہیں جنہوں نے پاکستان کے بنانے میں اپنی جانیں بھی قربان کی ہیں، پاکستان کے اندر آتے ہوئے بھی ان کے ساتھ جو سلوک کیا گیا، یہ ایسی چیزیں ہیں جو ہماری تاریخ کا ہمیشہ روشن باب رہیں گی اور ان کو ہمیں بھلانا نہیں چاہیے۔ ہمیں اپنی جدوجہد تیز کرنی چاہیے اور اگر سارے ملک اور ساری پارٹیوں کو ایک پیج پر ہونے کی خواہش ہے تو اس کا واحد راستہ تو یہ ہے کہ، ہم اس میں یہ نہیں کہتے کہ آپ کسی کو این آر او دے دیں یا کسی پر کوئی نرمی کریں، ان کو کوئی سہولتیں دیں، یہ بالکل ہمارا مطالبہ نہیں ہے لیکن ہم یہ ضرور کہتے ہیں کہ جس طریقے سے اپوزیشن کے لوگوں کے خلاف کیس بنائے

جارہے ہیں اور ان کیسوں کو manipulate کیا جارہا ہے، میں چیف جسٹس آف پاکستان سے اپیل کروں گا کہ ان کا جو بھی پیریڈ باقی رہ گیا ہے اس میں وہ بہتر طریقے سے، عدلیہ میں جو یہ خرابیاں آ گئی ہیں کہ ان کو manipulate کیا جاسکتا ہے، وہاں کیس سنتے سنتے ان کو اطلاع دے دی جاتی ہے کہ آپ یہ نہیں سن سکتے کیونکہ اس کے منہ سے نکل گیا کہ اگر کوئی evidence ہے تو پیش کریں، جب سرکاری وکیل پیش نہ کر سکے تو پھر جج کو ہی بدل دیا گیا، ایک نہیں بلکہ دو، تین، چار، پھر وہ جو لوگ وہاں موجود ہیں اور وہ حکومت کی حراست میں ہیں ان کے بارے میں جو رویہ ہے وہ انسانی رویہ نہیں ہے۔ اس بارے میں حکومت کو غور کرنا چاہیے اور جو یہ کہتے ہیں کہ سب کو ایک پیج پر ہونا چاہیے۔

پاکستان کے لئے کسی کے کہنے یا نہ کہنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، لوگوں کی اپنی وفاداریاں اس ملک کے ساتھ ہیں اور اس کے لئے وہ خون بھی بہانے کو تیار ہیں، اپنی اولادیں کٹوانے کو تیار ہیں لیکن خدا کے لئے لوگوں کو زیادہ آزمائش میں اس طرح نہ ڈالا جائے کہ یہ سارا نظام سیاسی طور پر ان کے خلاف چل رہا ہے۔

یہ جو طریقہ کار ہے اس میں بھی تبدیلی لانے کی ضرورت ہے، اتنی لمبی آزمائش نہ بنائیں کشمیریوں کے لئے بھی کہ ہفتے میں ایک دن، جمعہ کے دن آدھا گھنٹہ وہ باہر نکل کر کھڑے ہو جائیں اور اس کے بعد واپس چلے جائیں۔ یہ بھی، ستمبر تک انتظار کروانا یا اس کے لئے اس طرح کا relax پروگرام بنانا کہ سول ججوں کی طرح تاریخیں ملتی جائیں تو یہ ٹھیک نہیں ہوگا۔ اس کے لئے جو تگ ودو اور کوشش ہونی چاہیے وہ بھرپور طریقے سے قومی سطح پر ہونی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہماری رہنمائی فرمائیں اور پاکستان اور کشمیریوں کو اس معاملے میں کامیابی عطا فرمائیں۔

جناب چیئرمین: جی شیری رحمٰن صاحبہ، پارلیمنٹری لیڈر۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمٰن: شکریہ، جناب چیئرمین! قائد حزب اختلاف نے ابھی بہت اہم issue پر بات کی۔ انہوں نے اختتام میں کہا کہ پاکستان کو اس وقت اتحاد کی ضرورت ہے۔ بے شک ایسا ہی ہے، کشمیر کے حوالے سے اور ہندوستان کے actions کے حوالے سے جو کہ یکطرفہ ہیں۔ یہ سب پر واضح ہے۔ تمام سیاسی پارٹیاں زبانی اختیار کر چکی ہیں، اظہار بھی کر چکی ہیں۔ ہم نے مشترکہ اجلاس میں اپنی مربوط اور مضبوط سفارشات اور گزارشات بھی پیش کی ہیں۔ کچھ لوگوں نے بات بھی کی۔ میں تین چار

مختصر باتیں کہنا چاہوں گی۔ میرا خیال ہے کہ سب پر یہ بات ظاہر ہو چکی ہے کہ پاکستان میں اگر کوئی ایک مسئلہ ہے، کوئی بھی ایک مسئلہ ہے جس پر تمام parliamentarians, سیاسی تنظیمیں، ہمارے عوام، civil societyاور پاکستان کا بچہ بچہ متحد ہے، وہ کشمیر کا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین! یہ ہمارے لیے ایک روایتی جسے کہتے ہیں 'business as usual' کا وقت نہیں ہے۔ مشترکہ اجلاس کا مطالبہ تو اپوزیشن میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کیا تھا۔ اس سے ہم اس پر جو importance attach کرتے ہیں وہ تو نظر آئے لیکن عید کی نماز بھی بلاول بھٹو زرداری نے خود جا کر وہاں پڑھی۔ شاہ محمود بھی ساتھ تھے۔ وہاں شاید مسلم لیگ (ن) کے بھی کچھ leaders تھے۔ اس سے پاکستان سے ایک بہت اہم message گیا، نہ صرف کشمیر کے لوگوں کو بلکہ ساری دنیا کو کہ اس وقت کسی بھی اہم تہوار پر پاکستان اپنے کشمیری بہنوں اور بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے۔ لیکن اس وقت یہ سوال اٹھ رہا ہے اور کشمیریوں سے ہی یہ سوال آ رہا ہے، ہمیں کسی نہ کسی طرح، چاہے وہ سوپور ہو یا بارہ مولا ہو، سری نگر سے تو کم از کم بالکل کوئی آواز اب نہیں آ رہی ہے، اگر privately کوئی messages آ رہے ہیں تو وہاں کے periphery سے آ رہے ہیں، مقبوضہ کشمیر سے، کہ خدارا! ہمارے لیے کچھ کریں۔ پاکستانی بہن بھائی ہماری مدد کریں۔ ہم اس position میں نہیں ہیں کہ ہم ان سے کسی بحث میں پڑیں کہ آپ specifically ہم سے کیا توقع رکھتے ہیں لیکن ہم خود جانتے ہیں کہ اس وقت پاکستان میں غم وغصے کی لہر دوڑ رہی ہے، میں سمجھتی ہوں کہ وہ .literally is quite unprecedented تاریخ میں پہلے سوائے جنگوں کے درمیان ہم نے ایسا نہیں دیکھا۔

جناب چیئرمین! ایک دو چیزیں note کرنے کی ہیں۔ وہ یہ کہ ہندوستان خود ہی وہ ہندوستان نہیں رہا جس سے ہم بات چیت کرتے تھے، جس سے ہم باہمی تعلقات کا فروغ چاہتے تھے، جس سے ہم امن کے کوشاں تھے۔ میں پھر یہ کہوں گی کہ پورے پاکستان میں consensus ہو چکا تھا کہ ہم خطے میں امن چاہتے ہیں، اس کے لیے ہمیں اپنے ہمسایوں سے دوستی کا ہاتھ بڑھانا ہوگا، ہر کوشش کرنی ہوگی جس سے ہم peace dividend استعمال کر سکیں، لیکن ایسا ہو نہیں سکا اور خاص طور پر 2014 کے بعد جب مودی سرکار وہاں اپنی ساکھ بنانا شروع کر گئی، اس کے بعد ہم نے ہندوستان میں بہت تبدیلی دیکھی۔ وہ ہندوستان اب عسکریت اور زور اور جبر کی بنیاد پر ہر بات منوانا چاہتا ہے۔ اس میں

کشمیر کے عوام خاص victim بن چکے ہیں۔ وہ ساری دنیا کو ایک پیغام دے رہے ہیں، صرف پاکستان کو نہیں، پہلے وہ اپنے مسلمان شہریوں کو پیغام دے رہے ہیں جو کہ ہندوستان میں بہت ہیں، کروڑوں میں ہیں اور باقی دنیا اور پاکستان کو پیغام دے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! عالمی دنیا کی جو مجرمانہ خاموشی ہے، نہ صرف انسانی حقوق کے اعتبار سے لیکن ان کے اپنے حق خودارادیت کے حوالے سے، اس کو بھی انہوں نے پیغام دیا ہے کہ آپ آئیں اور ہندوستان کو دیکھ لیں، ہم کیا کر سکتے ہیں۔ بنیادی طور پر یہ تاریخ یاد رکھے گی، کیا پتا بیس سال بعد، پچاس سال بعد، سو سال بعد، یہ بات ضرور تاریخ میں رقم ہو گی کہ ہم سب دیکھتے رہے جب ہندوستان اور دوسرے ممالک، ان میں اسرائیل بھی ہے، جو زمین پر روز نئی حقیقت رقم کرتے رہے، creating facts on the ground اور دنیا دیکھتی رہی، اقوام متحدہ رسمی باتیں کرتا رہا، کشمیر میں کھلے عام دنیا کی سب بڑی mass-blinding ہو رہی ہے، detentions ہو رہی ہیں، rapes ہو رہے ہیں۔ آج کرفیو کا چوبیسواں دن ہے، lockdown نہیں ہے۔ لوگ lockdown, lockdown کر رہے ہیں، lockdown نہیں ہے، بات lockdown سے بہت آگے چلی گئی ہے۔ Lockdown تو لوگ خود بھی کرتے ہیں، یہ کرفیو ہے یہ بد ترین ریاستی تشدد ہے، آپ کے سامنے اس کی film چل رہی ہے۔ اس نے دنیا میں ایک نئی تاریخ ایسے رقم کی ہے کہ جو dark ages تھے، جو ہم نے تاریخ پڑھی ہے، یورپ کی ہوئی، اسلام میں بھی ایک زبردست renaissance آیا، ہر جگہ renaissance آیا، اس میں کیا تھا کہ ہم طاقت کے، اس کی بہت charters تھیں، بہت Magna Carta تھے لیکن بنیادی بات یہ تھی جو ہم سب کے آئین میں ضم ہے، جو ہمارے مذہب میں ہوتی ہے کہ آپ زور اور جبر کی بنیاد پر نہ ریاست، نہ دنیا، نہ اپنی community اور نہ اپنا گھر چلا سکتے ہیں، یہ بہت بڑا فرق آیا ہے۔

Mr. Chairman, we are reverting to the dark ages and mark my words that in these dark ages the vulnerable, the marginalized, the dispossessed, the migrants, who are caught on boats everywhere, who are no longer even, who are just a statistics, we don’t even talk about them. People from conflict zones are just migrating with nowhere to go and the Muslim world is

also watching. We need to ask ourselves is there even a Muslim world or are they just Muslim countries?

I am proud to say today that I am from a Muslim country that holds the values of citizenship. We have fought very hard for Quaid-i-Azam's ideas and we have long way to go. Mr. Chairman, we are the first to criticize ourselves. When our minorities, our religious minorities are vulnerable, are mistreated and are not treated as first citizens, we should ask ourselves why. We have a long way to go still but we are not going towards that place where we have institutionalized persecution based on faith, colour and creed. That is happening; these were the universal declarations of human rights on which the world was supposed to change. This is the big Universal Declaration of Human Rights (UDHR) which we celebrated anniversary for a few months ago. And the entire UN community, the multilateral world was rejoicing that. This is civilization.

ہم کس لیے مخلوق میں اشرف ہوتے ہیں؟ ہمیں اشرف المخلوقات کیوں کہا جاتا ہے؟ کہ ہم تفریق کرتے ہیں۔ زور کی بنیاد پر ہم animal planet تو نہیں بن سکتے لیکن یہ بن رہا ہے۔ کشمیر میں جو ہوا، باقی دنیا میں جو ہو رہا ہے، ہوتا جائے گا۔ ہم بہت محتاط رہیں، یہ وہ دنیا نہیں ہے جہاں international community کو ہم appeal کریں۔ آپ کی شنوائی شاید ہو بھی جائے اور لوگ شرمندہ بھی ہوں، تھوڑی دیر سوچیں بھی اس کے بارے میں لیکن یہ وہ دنیا نہیں ہے کہ وہ کوئی فوجی بیڑا بھیجیں گے اور کہیں گے کہ ہندوستان! تم اتنی بڑی آبادی اور economic power ہو، تم نے انتہا پسندی کی بنیاد پر ایک extremism اور مذہب پر تفریق کی ہے، وہاں مسلمان سر نہیں اٹھا پا رہا، Uncle Tom کام تو ہر جگہ ہوتے ہیں۔ راج میں بھی ہوتے تھے، British راج میں بھی ہوتے تھے، سب کھڑے ہو کر Sir بنتے تھے، Lord بنتے تھے۔ I would not be proud of them, thanks God I am not from such a

There are families like that today also ! لیکن جناب چیئرمین family,
دلت ، مسلمان ہیں average لیکن وہاں جو and there are people like that
ہیں، اب کشمیریوں کو اس میں گن لیں، انڈیا کی ایک چوتھائی insurgency یا resistance
میں ہے، مزاحمتی سیاست میں کبھی نہ کبھی involve ہوتی ہے۔ ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ہم اپنے گریبان
میں جھانکیں، میں سمجھتی ہوں کہ ہم سب اس میں جواب دہ ہیں کہ ہم نے یہ کیسے ہونے دیا۔ پورا
کشمیر اس وقت دنیا کا open air jail بنا ہوا ہے۔ وہاں لوگ کہہ رہے ہیں کہ ڈاکٹروں کو پکڑ پکڑ کر بند
کیا جا رہا ہے، humanitarian aid تک نہیں مل رہی۔ جو رپورٹنگ وہاں سے آ رہی ہے اس کو
بھی اٹھا اٹھا کر نئی دہلی واپس بھیجا جا رہا ہے۔ یہ ڈنکے کی چوٹ پر کہتے ہیں
this is called impunity of the worst order. In this dark age, Pakistan is raising its voice along with Turkey, Iran and a few other countries. China has a border in Siachen and has interests there. It has also been our all-weather friend and iron brother. But let us face it, we have the Line of Control and on that Line of Control we have seen innocent civilians and martyrs from our armed forces giving their lives regularly.

We have spoken about our nuclear deterrence also in an effort to remind the world that we are indeed a nuclear power and when the President Clinton of the United States called Kashmir a dangerous flash point, it was obviously correct. It is now a dangerous flash point and we have to remind the world, I fear that our messaging and power of our messaging has been weak because we are economically weak, we are unable to come up with a plan to revive our economy. It is not that we are militarily weak, we showed our conventional capability in the Balakot incident where India with all it's might after 1971 tested it's strength, they got a serious answer. We were wise enough and mature enough to

send back the pilot, like we all send back prisoners of war but I still say, Chairman Sahib, we have been negligent towards the Kashmiris. We need to do much more and we need to be answerable to each other as to why beyond a few words, Chairman Sahib! we are not united.

پاکستان کو اس وقت خیال کرنا چاہیے۔ ہندوستان اب صرف زور اور عسکریت کی زبان بول رہا ہے، اس کے ساتھ امریکہ کھڑا ہے۔ آپ نے امریکہ کو سمجھنے میں غلطی کی ہے، دانستہ نہیں ہو گی لیکن غلطی کی ہے۔ وہ جو بھی آپ کو پیچھے guarantees دے رہے ہیں یہ وقت ہے ان سے مانگنے کا، جب آپ افغانستان میں امن کے لیے سخت کوشاں ہیں اور آپ کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔

میں نہیں کہہ رہی دونوں کو link کرنا چاہیے، میں کہہ رہی ہوں کہ افغانستان میں آپ کو امن کی ضرورت ہے کیونکہ وہ فرنٹ بھی آپ نہیں کھولنا چاہتے۔ آپ کے بھی کچھ وعدے ہیں لیکن you have levers جن پر میں اس وقت یہاں پر بات نہیں کرنا چاہتی کیونکہ آپ دوسروں کو موقع دینا چاہتے ہیں۔ وزیر خارجہ بھی پریشان بیٹھے ہیں، میں سمجھتی ہوں ان کو یہاں پر ہونا چاہیے، بہت سارے capitals میں ان کو ہونا چاہیے، ان کو number 2 بھی رکھ لینا چاہیے، اپنی پارٹی سے رکھ لینا چاہیے، ہم اپنی بات نہیں کر رہے اور capitals میں جائیں، آپ human rights کے حوالے سے بہت کچھ کہہ سکتے ہیں لیکن this is not just human rights case, we are making a case for human rights. UN کی تو دو رپورٹس آچکی ہیں وہ اپنی رپورٹس کو نظر انداز کر رہے ہیں۔ This is the case of self-determination جب ایسٹ تیمور میں اس طرح کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے، exactly the same case لیکن وہاں پر کیا تھا وہاں پر مسلمان اکثریت میں نہیں تھے۔

So let this be very clear, we have a case to make, but we also have to have unity at home, without that we will be defenceless against a world based only on power. Thank you.

جناب چیئرمین: سینیٹر محمد علی خان سیف۔

## Senator Muhammad Ali Khan Saif

سینیٹر محمد علی خان سیف: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! جب سے کشمیر کا تنازعہ اگست کے پہلے ہفتے سے کھڑا ہوا ہے اس وقت سے لے کر اب تک ہماری حکومت کی طرف سے بھی، اپوزیشن کی طرف سے بھی اور سوسائٹی کے تمام طبقات کی طرف سے مختلف قسم کی باتیں سامنے آرہی ہیں۔ ہمارے پاس یہ ایک ایسا موقع آگیا ہے ہماری سیاسی تاریخ میں کہ ہم حقیقت کا ادراک کر کے بات کریں۔ ہم شاید یا تو اپنے آپ کو دھوکا دینے کی کوشش کر رہے ہیں یا شاید دنیا کو بے وقوف بنانے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن نہ انسان خود دھوکا کھاتا ہے، کیونکہ حقیقت کا اس کو ادراک ہوتا ہے اور نہ دنیا اتنی بے وقوف ہے کہ وہ ہماری باتوں سے دھوکا کھائے۔ جب سے یہ واقعہ ہوا ہے ہم یہی کہہ رہے ہیں کہ کشمیر میں یہ ہو گیا، کشمیر میں وہ ہو گیا، ہم انسانی حقوق کی بات کرتے ہیں۔ Let us be fair, let us be frank and let us be honest کشمیر میں آزادی سلب ہو نہیں رہی، آزادی سلب ہو چکی ہے۔ کشمیر پر قبضہ ہو نہیں رہا، قبضہ ہو چکا ہے۔ کشمیر آپ سے الگ کر کے، آپ سے جا نہیں رہا بلکہ وہ الگ ہو چکا اور آپ سے جا چکا ہے۔ اب آپ نے اگر کشمیر پر بات کرنی ہے تو صرف خالی تقریریں، جذباتی نعرے اور انسانی حقوق کی باتیں نہ کریں۔ انسانی حقوق کی تقریریں ان کے سامنے ہوتی ہیں جو انسان ہوتے ہیں۔ جن کی پالیسیاں انسانوں کی بنیاد پر بنتی ہیں۔ جو جانور ہوتے ہیں، جو وحشی ہوتے ہیں، جن کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ انہوں نے کبھی انسانیت کا احترام نہیں کیا بلکہ اپنی وحشیانہ جبلت کی بنیاد پر انہوں نے فیصلے کیے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ دھوکا اپنے آپ کو بھی نہ دیں اور دوسروں کو بھی نہ دیں۔ اس وقت مودی نے جو کرنا تھا وہ کر چکا ہے۔ اس نے زناٹے دار تھپڑ آپ کے منہ پر مار دیا ہے۔ اب آپ جتنا بھی اس منہ کو سہلائیں، جتنا بھی کہیں یہ کسی اور کو مارا ہے، مجھے نہیں مارا، اب میں بدلا لوں گا، یہ مذاق چھوڑیں، قوم کو دھوکا نہ دیں، اس دنیا کو دھوکا نہ دیں، اس اللہ کو دھوکا نہ دیں جس کے نام رحمٰن، رحیم، العزیز، جبار اور متکبر، اور بھی نام ہیں، اس کو دھوکا نہیں دیں کیونکہ وہ دھوکا نہیں کھاتا۔ Let us face the reality اور reality یہ ہے کہ ہم یہاں پر تقریریں کر کے، یہ اجلاس ختم کر کے اطمینان سے گھروں میں جا کر بیٹھ جائیں گے لیکن کشمیر میں جن ماؤں، جن بہنوں، جن بیٹیوں کی عزتیں روزانہ لوٹی جا رہی ہیں، کرفیو کی وجہ سے ان کے تمام حقوق کو سلب کر دیا گیا ہے، جیل

اور قید سے زیادہ وحشیانہ سلوک ہوتا ہے جب کرفیو نافذ کر دیا جاتا ہے۔ جیل میں کم از کم علاج کی سہولت تو ہوتی ہے، کم از کم دو وقت کی روٹی تو ملتی ہے، کرفیو میں آپ ان آزادیوں سے بھی محروم رہ جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ وقت تقریریں کرنے اور قراردادیں پاس کرنے کا نہیں ہے، بہت قراردادیں پاس ہو چکی ہیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر چانڈیو صاحب! تشریف رکھیں۔

سینیٹر محمد علی خان سیف: اب تک قراردادیں ہی قراردادیں ہیں، اتنی قراردادیں ہیں کہ اگر گننے پر آئیں تو ایوان کی تمام میزیں اس سے بھر جائیں، کوئی فرق نہیں پڑے گا، کشمیر کا ایک ہی علاج ہے وہ علاج مودی کا علاج ہے، مودی کے فلسفے اور فکر کا علاج ہے، مودی نے کیا کیا؟ اس کی اتنی جرات بڑھ گئی کہ اب وہ RSS کے غنڈوں کو کشمیر میں بھیج رہا ہے۔ RSS کے غنڈے جب کشمیر آئیں گے تو پھولوں کے گلدستے لے کر نہیں آئیں گے، وہ United Nations کی Universal Declaration of Human Rights یا ICCPR کے چارٹر کی کاپیاں لے کر نہیں آئیں گے۔ جب وہ آئیں گے تو وہ تلواریں اور خنجر لے کر آئیں گے، وہ بندوق لے کر آئیں گے اور وہ وہی کریں گے جو انہوں نے گجرات میں مسلمانوں کے ساتھ کیا۔ وہ وہی کریں گے جو دیگر مقامات پر، دیگر مذاہب کے لوگوں کے ساتھ کر رہے ہیں۔ اس لیے خواب خرگوش سے جاگ جائیں، جاگ جائیں، اپنے آپ کو جھنجھوڑیں یہ نشہ ختم کریں، یہ جو خواب غفلت کا نشہ آپ نے اپنے اوپر طاری کیا ہوا ہے۔ مودی کا صرف ایک ہی علاج ہے اور وہ علاج اس زبان کا ہے جس کو وہ سمجھتا ہے۔ وہ زبان AK 47 کی 7.62 MM کی بلٹ ہے، اسی آواز کو وہ سنتا ہے، اس زبان کو وہ سمجھتا ہے۔

میں آپ سے یہ بات کرنا چاہتا ہوں اور openly یہ بات کرنا چاہتا ہوں۔ یہ بات میں کسی سرکاری ترجمان کی حیثیت سے نہیں کہہ رہا اور نہ میں اس وقت متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر کی حیثیت سے بات کر رہا ہے۔ یہ میں محمد علی سیف، جس کے نام کا پہلا لفظ محمد ہے، دوسرا علی ہے اور تیسرا سیف ہے، میں ایک مسلمان کی حیثیت سے یہ بات کر رہا ہوں۔ مسلمان کی حیثیت سے میرا یہ فرض ہے کہ میں اپنے دل کی اور ضمیر کی بات کروں۔ میں کسی سیاسی مصلحت کو نہیں رکھ رہا، میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مودی سے اس زبان میں بات کریں، خدا کے لیے اس زبان میں بات کرنے کی بات کریں، جس زبان کو وہ سمجھتا ہے اور وہ صرف اور صرف بندوق اور گولی کی زبان ہے۔ جب تک

سری نگر کی گلیوں میں آپ انڈین آرمی کا خون نہیں بہائیں گے اس وقت تک مودی کو آپ کی کسی بات کی کوئی پرواہ نہیں ہو گی۔ جائیں آپ اقوام متحدہ میں تقریریں کریں، جائیں آپ سیکورٹی کونسل میں بڑی بڑی قرار دادیں پیش کر دیں، دنیا کے ہر فورم پر آپ بات کریں، مودی کے کان پر جوں بھی نہیں رینگے گی، وہ ٹس سے مس نہیں ہو گا اور دنیا تالیاں بجاتی رہے گی، جیسے دنیا ہمیشہ تالیاں بجاتی رہی ہے۔ یہ کوئی تاریخ میں پہلا واقعہ نہیں ہو رہا، جب ظلم ہوتا ہے، مظلوموں کی لاشیں گرتی ہیں، جب ان کی گردنیں کاٹی جاتی ہیں تو لوگ صرف تماشا دیکھتے ہیں اور بعد میں آکر مظلوموں کو قبروں میں دفن کر کے ان کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھاتے ہیں۔ آج تک کسی قوم کو آزادی۔۔۔۔

جناب چیئرمین: سینیٹر رخسانہ زبیری صاحبہ، سینیٹر سسی پلیجو صاحبہ مہربانی کر کے سنیں۔

سینیٹر محمد علی خان سیف: آج تک کسی قوم کو آزادی قرار دادوں کے ذریعے نہیں ملی، آج تک احتجاجی مظاہروں کے ذریعے کسی کو آزادی نہیں ملی اور آج تک شام کو شمع جلا کر یوم سیاہ منانے سے آزادی نہیں ملی۔ آئیں اٹھیں اور اپنے اس فرض پر لبیک کہیں جو کہ قرآن میں آپ پر فرض ہے اور وہ جہاد فی سبیل اللہ ہے اور قتال فی سبیل اللہ ہے اس کے بغیر کوئی راستہ ہی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر صاحب۔

سینیٹر محمد علی خان سیف: جناب چیئرمین! میں آخری بات کرنا چاہ رہا ہوں، honestly میں کوئی جذباتی تقریر نہیں کر رہا، میں آپ کو راستہ بتا رہا ہوں، اس کا ایک ہی حل ہے، میرے بعد بہت سے آئیں گے شاہ محمود قریشی صاحب بھی بات کریں گے، سینیٹر سراج الحق صاحب بھی بات کریں گے۔ میں صرف یہ کہنا چاہ رہا ہوں، final word جب میں مسلح جدوجہد کی بات کرتا ہوں، میں ہرگز یہ بات نہیں کر رہا کہ آپ پاکستان اور افغانستان سے لوگ بھیجیں، کشمیر میں کشمیر کا نوجوان اس وقت بھارتی گولیوں کے آگے نہتا بغیر ہتھیار کے سینہ تانے کھڑا ہے اور انڈین آرمی کا بزدل سپاہی اس پر گولیاں چلا رہا ہے، اس کے ہاتھ میں بندوق دیں، اس کی support کریں، international law right to self-determination میں یہ واضح کرتا ہے یہ بین الاقوامی قانون کے اصول ہیں کہ جب occupation or an accession ہو جائے اور self-determination کا right violate ہو تو وہاں پر مسلح جدوجہد راستہ بن جاتا ہے جو legitimate راستہ ہوتا ہے تو کشمیریوں کی legitimate مدد کریں، چھوڑیں ان کو آزادی سے

لڑنے دیں، آپ ان کی اخلاقی اور سفارتی حمایت کریں، آپ ان کی مالی مدد کریں، آپ نے جو بھی کرنا ہے کریں، تقریریں کریں سن کر بہت اچھا لگتا ہے لیکن جب تک سری نگر کی گلیوں میں انڈین آرمی کے میجر اور کرنلوں کی لاشیں نہیں گریں گی، سری نگر کے گٹر ان کے خون سے چوک نہیں ہوں گے اس وقت تک آزادی کا خواب نہ دیکھیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ضلع چکوال کے working journalists تنظیم کے پندرہ رکنی group ریاض انجم صاحب کی قیادت میں اس وقت gallery میں موجود ہیں، ہم ان کو Senate of Pakistan میں خوش آمدید کہتے ہیں اور ہمارے ایم این اے سردار اسرار ترین صاحب بھی gallery میں بیٹھے ہیں, welcome سینیٹر سراج الحق صاحب۔

**Senator Sirajul Haq**

سینیٹر سراج الحق: (عربی) جناب چیئرمین! اس وقت ہمیں 1965 سے بڑا معرکہ درپیش ہے، حکومت بھی کہتی ہے اور ساری دنیا بھی یہی کہتی ہے کہ اس وقت کشمیر میں جو ظلم ہو رہا ہے اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔ جناب چیئرمین! ہم دیکھتے ہیں کہ اس جدوجہد میں ستر سال گزر گئے اور وہاں کے صحافی کہتے ہیں کہ روزانہ ہمارے چار نوجوان شہید ہوتے ہیں۔ یہ پہلا ایسا معرکہ ہے جس میں پرائمری اسکول کے طالب علم سے لے کر Ph. D degree holder بھی جام شہادت نوش کر رہے ہیں، یہ سب کچھ ہو رہا ہے لیکن ہم اب بھی تماشا کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں آج اس لیے تجاویز دینا چاہتا ہوں کہ اس سے پہلے کہ مقبوضہ کشمیر دنیا کا سب سے بڑا قبرستان بن جائے، اس سے پہلے کہ وہاں آخری ہچکی اور آخری آواز بھی ختم ہو جائے، میرے خیال میں حالات کا تقاضا ہے کہ ہم آگے بڑھیں اور عملی طور پر ان کا ساتھ دیں۔ بیرسٹر سیف صاحب نے بالکل بنیادی بات کی ہے کہ حکومت کا کام موم بتی جلانا نہیں ہے، حکومت کا کام عملی طور پر اقدام کرنا ہے، پوری قوم اور تمام سیاسی جماعتیں ان کے ساتھ ہیں اور ان کا ساتھ دے رہی ہیں لیکن یہ ساتھ دینا action کے ساتھ مشروط ہے صرف تقریروں کے ساتھ نہیں ہے۔ جناب وزیر اعظم صاحب نے خود فرمایا کہ کوئی ساتھ دے یا نہ دے ہم اکیلے کھڑے رہیں گے، میں اس کو appreciate کرتا ہوں۔ جناب وزیر خارجہ نے ان دنوں میں بڑی محنت کی لیکن آج مقبوضہ کشمیر کے عوام کو جو مسئلہ درپیش ہے جو غیر معمولی situation ہے، اس کے پیش نظر میں آج تجاویز دینا چاہتا ہوں کہ ہر وہ اقدام مقبوضہ کشمیر کے عوام نے پاکستان کے ساتھ

الحاق کے لیے کر لیا ہے جو ان کا فرض تھا یا جو وہ کر سکتے تھے اور ایک طویل عرصے کے بعد مقبوضہ کشمیر کے عوام نے قائداعظم محمد علی جناح کے دو قومی نظریہ کے علم کو دوبارہ بلند کیا ہے۔ ہم سلام پیش کرتے ہیں وہاں کی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو جو اپنے بچوں کو دفناتے وقت رونے اور ماتم کرنے کی بجائے یہ کہتی ہیں کہ ہم پاکستانی ہیں اور پاکستان ہمارا ہے۔

جناب چیئرمین! کسی زمانے کا واقعہ ہے کہ ایک تاجر چین جا رہا تھا، اس کے پنجرے میں طوطا تھا، چین جانے سے قبل اس نے اپنے طوطے سے پوچھا کہ میں آپ کے لیے کیا لاؤں، طوطے نے جواباً کہا کہ چین کے طوطوں کو میرا اسلام پہنچانا، جب وہ تاجر چین کے کسی جنگل سے گزر رہے تھے تو دیکھا کہ وہاں بہت سارے طوطے تھے تاجر نے کہا کہ میرے پاس بھی ایک طوطا پنجرے میں ہے جو آپ کو سلام کہہ رہا تھا۔ تاجر کی یہ بات سن کر وہ سارے طوطے درختوں کی شاخوں سے گر پڑے اور مر گئے۔ تاجر بہت پریشان ہوا، جب واپس آیا تو اس نے اپنے طوطے کے سامنے ساری کہانی بیان کی اور طوطے نے جیسے ہی پوری بات سنی تو وہ بھی گرا اور مر گیا۔ پریشان تاجر نے اس طوطے کو پنجرے سے اٹھا کر باہر پھینک دیا اور جیسے ہی پنجرے سے نکل کر زمین پر آیا تو وہ فوراً اٹھا اور اڑ کر ایک شاخ پر بیٹھ گیا اور اس نے اپنے مالک سے کہا کہ چین کے طوطوں نے مجھے یہی پیغام دیا تھا کہ آپ مر کر آزادی حاصل کر سکتے ہیں، زندگی کی خوشیوں اور سہولیات کے مزے لے کر قید سے آزادی حاصل نہیں کی جا سکتی۔

(اس موقع پر ایوان میں مغرب کی اذان سنائی دی)

سینیٹر سراج الحق: جناب چیئرمین! اذان ہو گئی ہے، میں اختصار سے بات کروں گا، پہلی بات یہ ہے کہ حکومت نے کیا کرنا ہے؟ میں نے کشمیر کی دستیاب قیادت سے مشورہ کیا ہے، آج میں وزیر خارجہ صاحب کی خدمت میں بات رکھوں گا کہ پہلا کام تو یہی ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں جاری حالیہ قتل عام کو پاکستان کی حکومت یوں سمجھے کہ جس طرح بھارت نے اسلام آباد پر حملہ کر دیا ہو۔ اگر ہم نے اس لڑائی کو سری نگر میں لڑنے کا فیصلہ نہیں کیا تو خدشہ ہے کہ کل یہ لڑائی مظفر آباد، اسلام آباد، سیالکوٹ اور لاہور میں لڑنی پڑے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ ان کشمیری بیٹیوں، ماؤں اور بہنوں کو اپنا سمجھ کر جو ردعمل ہو سکتا ہے وہی ردعمل دینا چاہیے۔ کل بھی مودی نے ہمارا مذاق اڑایا کہ میں پاکستان میں کس کے ساتھ بات کروں، فوج کے ساتھ بات کروں، elected حکومت کے ساتھ بات کروں کیونکہ پتا ہی نہیں چلتا کہ کون نظام کو چلا رہا ہے۔ اب ہم سری نگر میں جواب دے کر ان کو یہ بتا سکتے ہیں کہ پاکستان

کون چلاتا ہے۔ ملک کے 22 کروڑ عوام محض الفاظ، تقریروں اور نعروں کے ساتھ نہیں بلکہ حکومت کے action کے ساتھ ہیں۔

حالات کا تقاضا ہے کہ دفعات 370 اور 35A کے خاتمے کے بعد ہر بین الاقوامی قانون کے تحت ہم اپنے بھائی، بہنوں اور بیٹیوں کو بچانے کے لیے عملی اقدامات کریں لیکن اس سے پہلے حکمت عملی کے طور پر میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ اس وقت آزاد کشمیر میں جو حکومت قائم ہے ان کو ہم مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ایک ترجمان حکومت کے طور پر declare کریں۔ یہ نہ دیکھیں کہ آزاد کشمیر کے موجودہ وزیراعظم کا تعلق کس پارٹی کے ساتھ ہے بلکہ یہ دیکھیں کہ وہ کشمیر کا بیٹا ہے اور کشمیر کے لوگوں نے ان پر اعتماد کیا ہے، ہمیں بھی ان پر اعتماد کرنا چاہیے۔ اس پورے case کو lead کرنے کے لیے ان کو سہولت دینی چاہیے لیکن اس سے پہلے ضروری ہے کہ ہم ان کو صرف آزاد کشمیر کے وزیر اعظم کے طور پر نہ دیکھیں بلکہ ہم ان کو مقبوضہ کشمیر کے عوام کی طرف سے بھی ایک ذمہ دار کے طور پر دیکھیں۔

جناب چیئرمین! میری تجویز ہے کہ جو آزاد کشمیر اسمبلی میں مقبوضہ کشمیر کے موجودہ لوگ خواہ وہ یہاں پر ہیں یا مقبوضہ کشمیر سے باہر ساری دنیا میں موجود ہیں، ان کو ممبر بنایا جائے۔ اس کے لیے جو بھی قانونی requirements ہوں ان کو پورا کیا جائے لیکن آزاد کشمیر اسمبلی کو پاکستان کے علاوہ کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے عوام کی ایک ترجمان اسمبلی declare کیا جائے۔ میں چاہوں گا کہ دنیا بھر میں جتنے بھی کشمیری موجود ہیں ان میں سے بہت ہی سنجیدہ، فہمیدہ اور ہوشیار لوگ موجود ہیں۔ ان کو آبادی کے تناسب سے آزاد کشمیر اسمبلی کا ممبر declare کیا جائے۔ اس کے بعد اگلا قدم یہ ہو کہ حکومت شملہ معاہدے کے خاتمے کا اعلان کرے اس لیے کہ خود Indian Government نے پہلے ہی یہ اعلان کر دیا ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ لائن آف کنٹرول کی 450 کلومیٹر لمبی باڑ اس وقت جو کہ مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر کے درمیان موجود ہے، کو ختم اور تباہ کرنے کے لیے پاکستان حکومت کوئی عملی اقدام کرے۔

جناب چیئرمین! آج نہیں تو کل مودی کوئی نہ کوئی ایسا واقعہ ضرور دہرائے گا کہ پاکستان میں جتنے مندر موجود ہیں ان کا کوئی نہ کوئی agent آگے بڑھ کر کسی مندر کو جلانے یا تباہ کرنے کی کوئی کارروائی کر سکتا ہے جس سے ان کو بہانہ ملے کہ اب ہم نے بھی بابری مسجد کو جلانا یا تباہ اور شہید کرنا

ہے۔اس لیے یہاں ان کے تمام عبادت خانوں کو security فراہم کرنی چاہیے اس لیے کہ مودی کا جو فلسفہ ہے وہ یہ ہے کہ ہندوستان کی سرزمین پر جتنی بھی مساجد موجود ہیں ان کو مندروں میں تبدیل کر دیا جائے حکومت پاکستان کواس جانب توجہ دینی چاہیے۔ ایٹم بم سے بھی زیادہ جو ہماری powerful چیز ہے وہ ہمارا قومی اتحاد اور قومی یکجہتی ہے جو کہ بد قسمتی سے اس وقت ہمیں نظر نہیں آتی۔اس قومی اتحاد اور یکجہتی کو قائم کرنے کے لیے حکومت نے پہل کرنی ہے۔حکومت نے دو قدم آگے بڑھ کر کام کرنا ہے۔اس وقت جو ہماری قوم کے اندر انتشار ہے،اس انتشار کی فضا کو ختم کرنا، یکسوئی اور یگانگت پیدا کرنا حکومت کا کام ہے۔ جس طرح کہا گیا ہے کہ شاید یہاں کے لوگوں کو مقبوضہ کشمیر جانے کی ضرورت بھی نہ پڑے، خود مقبوضہ کشمیر کے نوجوان شہادت کے لیے تیار ہیں۔وہ کہتے ہیں ہم تو ویسے بھی شہید ہو رہے ہیں لیکن افسوس کہ خالی ہاتھ ہیں۔اب حالات کا تقاضا یہ ہے کہ پاکستان ایک ایٹمی طاقت اور ایک بہت بڑی منظم فوج کا حامل ہونے کے ناتے الحمدللہ عالم اسلام میں ایک قائدانہ صلاحیت ادا کر سکتا ہے۔اگر ہم نے کوئی سنجیدہ action لینے کا فیصلہ کیا تو دنیا بھی ہمارا ساتھ دے گی اور عالم اسلام بھی ہمارے ساتھ ہو گا۔نعروں کا ساتھ شاید کوئی نہ دے لیکن عملی طور پر جب آپ قدم اٹھائیں گے تو ساری دنیا آپ کا ساتھ دے گی، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: ہمارے کشمیری دوست عدیل صاحب UK سے تشریف لائے ہیں اور Chairman Box میں بیٹھے ہیں welcome to the House دس منٹ کے لیے نماز کا وقفہ کرتے ہیں۔

----------

*(The House was then adjourned for 10 minutes)*

----------

(نماز کے وقفے کے بعد اجلاس زیر صدارت جناب چیئرمین (جناب محمد صادق سنجرانی) دوبارہ شروع ہوا)

----------

جناب چیئرمین: سینیٹر ستارہ ایاز صاحبہ، ذرا جلدی، صرف پانچ منٹ۔

**Senator Sitara Ayaz**

سینیٹر ستارہ ایاز: جناب چیئرمین! شکریہ۔ جناب! میں سب سے پہلے آپ کو خراج تحسین پیش کروں گی اور آپ کی بات کو quote بھی کروں گی، آپ نے UAE کا دورہ منسوخ کیا اور نہیں گئے۔ میں آپ کی یہ بات record پر لانا چاہتی ہوں کہ آپ نے کہا کہ ''میں اپنی کشمیری ماؤں، بہنوں بیٹیوں کی آہوں اور سسکیوں پر پیر رکھ کر UAE نہیں جا سکتا'' کیونکہ وہاں ایک دن پہلے مودی کو ایک medal دیا گیا تھا۔ یہ ایک قابل تعریف بات ہے۔

جناب چیئرمین! سب نے بات کی کہ round about eight million Kashmiris who are locked up in open jail اس وقت تک انہیں کوئی relief نہیں دیا گیا۔ ہمیشہ جب ایسی کوئی بات ہوتی ہے تو UN Peace Keepers آتے ہیں اور معائنہ کرتے ہیں لیکن ہمیں ابھی تک وہاں اس طرح کی کوئی بات نظر نہیں آ رہی۔ وہاں پر rape, torture وغیرہ کے بارے میں مختلف ذرائع سے پتا چل رہا ہے۔ اس وقت ان کے پاس ادویات اور خوراک کی بہت کمی ہے اور وہاں human rights violation بھی ہو رہی ہے۔ آج ہماری میٹنگ تھی جس میں یہاں پر کشمیر کے حریت کے لیڈران آئے تھے۔ انہوں نے یہ بات کی کہ ہم کیا کر سکتے ہیں، ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ آپ ہمیں بتائیں کہ آپ کیا کر رہے ہیں؟ اگر آپ کچھ کریں گے تو صرف کشمیر کے لیے نہیں بلکہ آپ پاکستان کی بقا کے لیے بھی کریں گے کیونکہ آپ کے دریاؤں کا سارا پانی کشمیر سے آ رہا ہے۔ اگر آج کشمیر پر اس طرح کی بات ہو رہی ہے تو کل کو وہ پانی بھی بند کر سکتے ہیں۔ ان سے ہماری expectations ہیں کہ وہ کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ ان کے پاس یہ جو پورا scenario ہے، وہ جو puzzle سی بنا رہے ہیں اور ابھی تک ان کو سمجھ نہیں آ رہی کہ پاکستان کا کیا کرنا ہے I think they are up to that. ہمیں وہاں سے تو خطرات ہیں لیکن ہمیں بھی اپنا house in order کرنا ہوگا۔ اگر ہم نے ان سارے مسائل کو حل کرنا ہے تو اس وقت ہم میں وہ unity نظر نہیں آ رہی جو ہمیں پوری دنیا کو دکھانی ہے۔ ابھی آپ نے diplomatic front پر Committees بنائی ہیں جو وہاں پر جا کر parliamentarians کو ملیں گی اور ان کو حالات بتائیں گی لیکن we must appreciate our Foreign Minister وہ جتنی جدوجہد کر سکتے ہیں، کر رہے ہیں but I think we should do more and stop

expecting from Trump, UN and Arab countries. They are not ones جو ہمیں support کرنے آئیں گے۔

ہم نے خود کیا کرنا ہے، اس وقت ہم نے اپنے لیے راستہ خود چننا ہے اور وہ لوگ جو ہمارے لیے کھڑے ہیں، جیسا کہ راجہ صاحب نے کچھ ملکوں کا ذکر کیا ہے، جنہوں نے ہمارے حق میں آواز اٹھائی ہے، ہمیں ان کے پاس جانا چاہیے۔ وزیر اعظم صاحب UN جا رہے ہیں یہ ایک national issue ہے، اس میں کسی کو اپنی بے عزتی نہیں سمجھنی چاہیے تو میری تجویز ہے کہ وہ تمام parties کو اکٹھا کر کے مشاورت کریں کہ انہوں نے UN میں جا کر کیا بات کرنی ہے and we want him کہ وہ defensive نہ جائیں۔ ہم نے ابھی تک حکومت کو دیکھا ہے کہ they are too defensive. Why? ہم کیوں اتنے defensive ہیں؟ لوگ یہ بھی پوچھ رہے ہیں کہ after 21 days Prime Minister قوم سے خطاب کرتے ہیں اور کشمیری جو چاہتے ہیں، ہم وہ ان کو کیوں نہیں دے پا رہے؟ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم جمعے کو باہر آ کر تھوڑی دیر کے لیے چپ کر جائیں، کریں، ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ نہ کریں but there should be more. ہمیں اور بہت کچھ بھی کرنا چاہیے۔ ہم کہتے ہیں اللہ، اللہ تو ہے، یہ اس وقت بھی تھا جب مصر کی ساری مساجد نمازیوں سے بھری ہوتی تھیں اور اس وقت سلطان صلاح الدین ایوبی نے ایک بات کہی تھی کہ "جنت تلواروں کے سائے میں ہے"۔ ہم یہ نہیں کہہ رہے، ہمیں اپنا پتا ہے اور نہ ہم کہہ رہے ہیں کہ جنگ کریں، ہمیں table پر بیٹھنا پڑے گا لیکن اگر table پر نہ بیٹھے تو آج Line of Control پر ہمارے سپاہی اور وہاں کے لوگ شہید ہو رہے ہیں۔ ہمیں ان کے لیے ایک way forward بنانا ہو گا جو کہ حکومت کرے گی۔ ہم حکومت کے ساتھ کھڑے ہیں۔ یہ ایک national cause ہے اور پورے ملک کی بات ہے۔ ہم بالکل ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور میں پھر کہوں گی کہ جب نیتوں کو زنگ لگ جاتا ہے، یہ بھی محمد بن قاسم یا کسی کا قول ہے کہ "جب زنگ ضمیروں پر لگ جاتا ہے تو تلواریں ناچنے کے کام آتی ہیں"۔ آج کل یہ کچھ ہو رہا ہے۔ ہمیں یہ ساری باتیں اپنے اندرونی حالات کو دیکھ کر decide کرنی ہوں گی اور اپنے اندر کے بہت سے issues address کرنے ہوں گے تو تب ہی باہر کے لیے بہت زبردست message دے سکیں گے۔

میں نے وزیراعظم صاحب کو یہ تجویز دی تھی کہ وہ اگر جانے سے پہلے ساری parties کو confidence میں لے لیں تو شاید وہ بہت strong message دے سکیں گے and we should press the UN that they should send the UN peace keeping force immediately کیونکہ وہاں وادی میں جو human rights violations ہو رہی ہیں، ان کو دیکھیں۔ ہمیں تو ویسے بھی کہا گیا ہے کہ we are a dangerous country, some of the countries are always saying dangerous, I think it is time to act and we should press the UN to send its peace keeping forces immediately in Kashmir.

اس کے علاوہ وادی کشمیر میں جو انسانی حقوق کی violations ہو رہی ہیں، وہ ان کو بھی دیکھیں۔ ہمیں پہلے ہی dangerous country کہا گیا ہے۔ It's the time to act even if we are called a dangerous country in the world. In the end, I just want to say that we should keep the hopes of Kashmiris alive اور ان کی تحریک کو مرنے نہ دیں۔

The war is upon us whether we like it or not. We can delay it now, but in the end it seems that we will face it. We should prepare ourselves for that and our national unity is very important in this regard. Thank you.

جناب چیئرمین: شکریہ، جی شاہ محمود قریشی صاحب، وفاقی وزیر خارجہ۔ سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری صاحب! آپ بیٹھ جائیں۔ یہ عام discussion ہے اور اس پر کوئی بھی بات کر سکتا ہے۔

**<u>Makhdoom Shah Mahmood Hussain Qureshi, Minister for Foreign Affairs</u>**

مخدوم شاہ محمود قریشی حسین (وفاقی وزیر خارجہ): شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع عنایت کیا کہ میں چند گزارشات پیش کر سکوں۔ میں سب سے پہلے اس ایوان اور اس کے ہر ممبر کا اپنے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ قائد حزب اختلاف سے لے کر تمام سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی قائدین کی تقاریر میں نے سنیں اور ان سے میرا

حوصلہ بلند ہوا ہے۔ میرا حوصلہ اس وجہ سے بلند ہوا کیونکہ آج مجھے یہ بات کہنے پر انتہائی مسرت ہو رہی ہے کہ سوسیاسی اختلافات کے باوجود میری قوم یکجا ہے۔ خدا کے فضل و کرم سے اس قوم میں وہ فہم وفراست نظر آ رہی ہے جس کی توقع اور آس وہ نہتا کشمیری لگائے بیٹھا ہے اور وہ آپ کی طرف دیکھ رہا ہے۔ اس کسمپرسی کی حالت میں وہ اللہ پاک سے دعا گو ہے اور پاکستان سے اس کی امیدیں وابستہ ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر ہم نے اپنے مقصد کو آگے لے کر جانا ہے تو ہمیں اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہو گا اور میری نظر میں آپ نے اتحاد کا مظاہرہ کیا بھی ہے۔ Joint sitting of Parliament ہوئی جو دو دن چلی اور اس میں بہت ساری تقاریر بھی ہوئیں۔ اس کا اختتام اس متفقہ resolution پر ہوا کہ آپ کے منتخب ایوانوں نے resolve کا میسج دیا اور اس سے نہ صرف پاکستان بلکہ کشمیر میں بھی حوصلے کی آواز گئی اور اس کی فضا پیدا ہو گئی۔ اس کے لیے میں آپ سب کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔

جناب چیئرمین! میں یہ بھی اعتراف کرنا چاہوں گا کہ اس دوران مختلف platforms پر ممبران نے interactions کیے اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے تجاویز پیش کیں۔ یہاں سینیٹر شیری رحمٰن صاحبہ تشریف فرما ہیں۔ انہوں نے اپنی دانست سے ہمیں کچھ تجاویز لکھ کر دیں اور ان کے لیے میں ان کا شکر گزار ہوں۔ سینیٹر مشاہد حسین سید بھی یہاں بیٹھے ہیں۔ میں ان کا بھی شکر گزار ہوں کیونکہ نہ صرف انہوں نے تجاویز پیش کیں بلکہ PIPS میں انہوں نے اپنی policy recommendations بھی دیں اور مجھے بھی وہاں مدعو کیا گیا تھا۔ ساری سیاسی جماعتوں کے لوگ وہاں موجود تھے اور ہم نے بہت صحیح طریقے سے بات کو آگے بڑھایا۔

مسئلہ کشمیر کو آپ سب لوگ صحیح طرح سے جانتے ہیں۔ سینیٹر راجہ ظفر الحق بھی اس مسئلے سے بخوبی واقف ہیں۔ اس dispute کی تین parties ہیں۔ آج دنیا کو یہ پیغام دیا گیا ہے کہ ان تین parties میں سے دو parties ایسی ہیں جنہوں نے مکمل طور پر 5 اگست کے اقدامات کو مسترد کر دیا ہے۔ کشمیریوں اور پاکستانیوں نے اسے بالکل غیر آئینی، اقوام متحدہ کی قراردادوں کے منافی، UN Charter کے منافی اور international law کے منافی ہوتے ہوئے مسترد کیا ہے۔ جب پلوامہ کا واقعہ ہوا تو بھارت میں ایک frenzy نے جنم لیا اور سب ایک page پر دکھائی دینے لگے۔ میری رائے میں کشمیر کے اقدام پر بھارت ایک page پر نہیں ہے۔ بھارت کی

دس سیاسی جماعتیں سری نگر جاتی ہیں اورانہیں سری نگر ائیر پورٹ سے ہی لوٹادیا جاتا ہے۔انہیں مقبوضہ کشمیر کے گورنر نے دعوت دی تھی اوران کے کہنے پر وہ وہاں گئے تھے۔ غلام نبی آزاد نے بالکل صحیح کہا کہ اگر چھپانے کو کچھ نہیں تھا تو ہمیں بازار گھومنے دیتے اور چہل پہل دیکھنے دیتے اور لوگوں کے بیانات ریکارڈ کرنے دیتے۔اس کے بعد ہم آکر پوری دنیا کو بتاتے کہ کشمیر میں حالات بالکل صحیح ہیں اور ہم آپ کے ترجمان بنتے لیکن آپ نے ہم پر قدغن لگاکر دنیا کو بتادیا کہ کچھ چھپانے کو ہے۔اس کے علاوہ انڈیا کی سپریم کورٹ میں 14 petitions دائر کی گئی ہیں۔اب سپریم کورٹ کیا فیصلہ کرتی ہے،اس کی پیشن گوئی میں کر سکتا ہوں اور نہ آپ لیکن ایک بات واضح ہے کہ اس اقدام کو ان کے retired Generals and Air Marshals نے بھی غلط قرار دیا ہے اوراسے revoke کرنے کے لیے کہا ہے۔

جناب چیئرمین!سپریم کورٹ نے بڑے سوچ وبچار کے بعد حکومت کو نوٹس بھیج دیا ہے۔اکتوبر کا مہینہ انڈیا کی سپریم کورٹ کے لیے بہت بڑا امتحان ہے کیونکہ ایک طرف ان کا ماضی ہے،جن میں ان کے بہترین فیصلے ہیں اور دوسری طرف اس وقت جو RSS and Hidutva کا سپریم کورٹ پر دباؤ ہے،وہ بھی بہت واضح ہے۔اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے،یہ وقت ہی بتائے گا۔اتحاد ایک بہت ہی بڑا فیصلہ ہوااور میں ایک بار پھر آپ کا اور تمام سیاسی جماعتوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور خصوصاً اپوزیشن جماعتوں کا بھی کیونکہ انہوں نے بڑے پن اور پاکستانی ہونے کا ثبوت دیا ہے۔

Joint sitting میں جو debate ہوئی،ان میں سے کچھ سفارشات نے جنم لیا اور کچھ اشارے ملے۔حکومت وقت نے ان اشاروں کو سمجھنے اوران پر عمل پیرا ہونے کے لیے نیک نیتی سے کوشش کی ہے اورآگے بھی عمل پیرا ہونے کا ارادہ رکھتی ہے کیونکہ یہ مسئلے کیلئے حکومت اٹھا سکتی ہے اور نہ اپوزیشن ۔ یہ ایک ادارہ بھی نہیں اٹھا سکتا ہے۔اگر ہم نے مناسب طریقے سے عہدہ براہونا ہے تو whole of the nation’s approach لازمی ہے۔اگر یہ approach دکھائی دے گی تو ان شاء اللہ ،اللہ کے فضل وکرم سے ایک بڑا واضح اور ٹھوس پیغام جائے گا۔ میں آپ کی وساطت سے پوری قوم کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ مایوسی کی بالکل بھی ضرورت نہیں ہے۔قوموں پر امتحانات اور مشکلات آتی ہیں۔ہو سکتا ہے ہمارے دشمن نے ہمارے معاشی حالات کو دیکھتے ہوئے FATF کی تلوار سے ہم پر وار کرنے کی کوشش کی ہو لیکن عددی تعداد بھی بہت زیادہ

ہوتی ہے۔ جب جذبہ ہوتا ہے تو 313 بھی یلغار پر حاوی ہو جاتے ہیں۔ جب آپ ایمان کے ساتھ جاتے ہیں تو نہتے اور پیٹ پر پتھر باندھنے کے باوجود جنگ میں اتر سکتے ہیں۔ یہ تاریخ اسلام ہے اور اس سے ہمیں سبق حاصل کرنا چاہیے۔

جناب والا! اب ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ ہم نے اتفاق کیا، اتفاق ہے اور آج کا بھی جو پیغام ہے وہ الحمدللہ بہت ہی حوصلہ افزا پیغام ہے۔ ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ اب ہم نے آگے کیسے بڑھنا ہے؟ What is the way forward? اس میں ہمارے پاس diplomatic options کیا ہیں، ہمارے پاس political options کیا ہیں اور ہمارے پاس legal options کیا ہیں۔ Diplomatic options میں آپ کی رہنمائی میں، اس ایوان کی رہنمائی میں ایک فیصلہ ہوا تھا کہ ہمیں اقوام متحدہ سے رجوع کرنا چاہیے۔ بالکل مناسب تجویز تھی joint session سے ابھری تھی اور ہم نے پہلا ہی کام یہ کیا کہ چین کی مشاورت کے ساتھ ہم Security Council گئے، ان کو خطوط بھی لکھے، واقعے سے پہلے 6 تاریخ کو لکھا واقعے کے بعد اور 13 تاریخ کو مطالبہ کیا کہ urgent اجلاس درکار ہے اور الحمدللہ اس کے 72 گھنٹوں کے اندر اجلاس منعقد کرنے میں ہمیں کامیابی حاصل ہوئی۔ اس اجلاس میں جو ہندوستان کا سارا بین الاقوامی مقدمہ تھا اس کی نفی ہو گئی۔ ان کا مقدمہ یہ تھا کہ یہ internal matter ہے اور آپ اس میں کیوں دلچسپی لے رہے ہیں۔ پاکستان اس پر سیخ پا کیوں ہو رہا ہے۔ ہمارا آئین ہے، ہم نے ترمیم کر دی، آپ کو کیا مسئلہ ہے؟ اور یہ انہوں نے ہر Security Council کے ممبر کے ساتھ lobbying کی کہ اس اجلاس کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ انہوں نے scuttle کرنے کی کوشش کی، رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کا بیان اور اس کے بعد ہر ممبر سے ہم نے بھی گزارش کی کہ دیکھیے یہ ایسی بات نہیں ہے۔ یہ ایک متنازعہ علاقہ تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ ایک dispute تسلیم کیا گیا ہے۔ International recognition ہے اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کی 11 قراردادیں ہیں۔ ان قراردادوں کے علاوہ جب ہندوستان نے خود acknowledge کیا ہوا ہے کہ یہ ایک حل طلب مسئلہ ہے، اگر انہوں نے تسلیم نہ کیا ہوتا تو composite dialogue میں اس کا ذکر کیوں ہوتا، comprehensive dialogue میں اس کی بات کیوں کی جاتی۔ مجھے یاد ہے پرناب مکھرجی آئے تو ہم نے کشمیر پر بات کی، مجھے یاد ہے، جب میں حیدرآباد ہاؤس گیا تو میں نے وہاں

پر کشمیر کی بات کی، نتیجہ خیز رہی نہ رہی لیکن یہ تو طے ہوا کہ یہ issue ہے outstanding between Pakistan and India. تو آج وہ کہیں کہ ہمارا internal معاملہ ہے تو ایسی بات نہیں ہے۔ ہمارے اس نکتے کو فوقیت ملی اور وہاں بحث ہوئی اور 54 سالوں کے بعد 1965 کے بعد الحمد للہ ہمار ا کیس وہاں گیا اور وہاں لوگوں نے اپنی رائے دی۔ اس سے یہ مسئلہ آج internationalize ہو گیا ہے۔ اس کو آپ نریندرا مودی کی حکومت کی حماقت کہیں یا اس حماقت کے اندر سے آپ ایک موقع تلاش کریں، یہ اپنا انداز ہے دیکھنے کا اور اپنا انداز ہے سوچ کا۔ لیکن میں سمجھتا ہوں اس حماقت میں بھی، اس جنگ میں بھی اس قوم کو یکجا کرنے کے لیے اور آگے بڑھنے کے لیے ایک موقع سامنے آیا ہے اور اس موقع کو ہمیں ضرور avail کرنا چاہیے۔

جناب والا! آج دنیا کو ایک پیغام تو پارلیمان سے گیا، دوسرا پیغام دنیا کو یہ گیا، یہ جو ابھی ایک دوست کہہ رہے تھے کہ نریندرا مودی نے یہ کہا کہ ہم بات کریں تو کس سے کریں، یہ ناٹک ہے، وہ ناٹک دکھاتا ہے دنیا کو ہم کس سے بات کریں ہمیں نہیں معلوم کہ یہاں حکمران کون ہیں، ہم فوج سے بات کریں، ہم منتخب حکومت سے بات کریں nonsense absolute nonsense دنیا کو بےوقوف بناتے ہو دنیا بےوقوف نہیں بنے گی کیونکہ National Security Committee کے اجلاس میں، جو پاکستان کے منتخب وزیر اعظم کی سر براہی میں ہوا اور پاکستان کے جتنے National Security کے ادارے ہیں، جتنے Services Chiefs ہیں، جوائنٹ چیف کے چیئر مین ہیں وہ سب موجود تھے اور سب ایک پیج پر تھے اور ایک پیج پر ہیں تو آپ یہ کیا تاثر دینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ہم کس سے بات کریں بالکل واضح ہے آپ کی نیت درست ہو تو آپ کو اس قسم کے سوالات کی ضرورت ہی نہیں ہے۔

جناب والا! اب ہم UN گئے، ہمیں وہاں diplomatic طور پر خدا کے فضل و کرم سے ایک پیش رفت ملی ایک کامیابی ملی اور قوم کو مبارک ہو کہ آج وہ resolutions جن کو کہتے تھے کہ وہ تو جی پرانے ہو گئے، قصہ پارینہ ہیں، آج ان کی تجدید ہو گئی۔ آج اس تجدید میں بھی بہت کچھ پنہاں ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہم نے یہ بھی دیکھنا ہے کہ ہم نے politically کیسے آگے بڑھنا ہے اور politically آپ نے دنیا کو بالکل ایک مظاہرہ کر کے دکھایا ہے۔ 14 اگست کو آپ نے یوم آزادی کے ساتھ یکجہتی کشمیر کا دن منایا اور پوری قوم نے منایا، ہر شہر میں کہیں بڑا کہیں چھوٹا لیکن قصبے قصبے میں

آج کشمیر کا ذکر ہو رہا ہے۔ آج محلے محلے میں کشمیر کا تذکرہ ہے اور پوری قوم نے اس کے ساتھ اظہار یکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے۔ 15 اگست کو آپ نے ہندوستان کے یوم آزادی کے دن کو یوم سیاہ منایا اور یوم سیاہ پاکستان میں ہی نہیں مجھے زیادہ موثر دکھائی دیا، جب میں نے London میں دیکھا ہزاروں کا مجمع تھا اور اس میں ہر پارٹی کی نمائندگی تھی۔ اس میں کشمیری بھی تھے، اس میں ہر پارٹی سے تعلق رکھنے والے پاکستانی بھی وہاں پر موجود تھے۔ انہوں نے وہاں پر ہائی کمیشن کے سامنے ایک پرامن مظاہرہ کیا۔ چنانچہ روز روشن کی طرح بالکل واضح ہو گیا کہ لوگ کیا سوچ رہے ہیں۔ جب نرندرا مودی صاحب G-7 کے اجلاس میں فرانس گئے تو وہاں پر بھی پاکستانیوں نے مظاہرہ کیا، پھر پاکستانیوں نے UNESCO کے سامنے مظاہرہ کیا۔ واشنگٹن میں مظاہرہ ہوا، نیویارک میں ہوا اور میں آج آپ سے کہہ رہا ہوں کہ جو میں سن رہا ہوں اور جس طرح لوگ رجوع کر رہے ہیں، آپ UNGA کے اجلاس میں ضرور دیکھیے گا کہ ان شاء اللہ پاکستانی، کشمیری اور میں دو باتیں اور کرنے والا ہوں کہ پاکستانی اور کشمیری کے علاوہ، جو مجھے دکھائی دے رہا ہے کہ وہاں اور لوگ بھی ہوں گے جو انسانی حقوق کے علم بردار ہیں، جو یہ سمجھتے ہیں کہ انسانی حقوق کو پامال کیا جا رہا ہے، نہتے لوگوں کو ذبح کیا جا رہا ہے۔ ان شاء اللہ مجھے یقین ہے اور میں یہ بات اعتماد سے کہہ رہا ہوں کہ وہاں دیگر مسلم اقوام کے لوگ بھی ہوں گے اور دنیا دیکھے گی کہ وہ لوگ وہاں پر ڈٹ کر آپ کے اس اصولی موقف کی تائید کریں گے۔

جناب والا! پھر diaspora اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ پھر بات صرف diaspora تک نہیں رہی بلکہ اس سے آگے چلی گئی ہے اور ان کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ آج House of Commons کے 50 ارکان نے اقوام متحدہ کو چٹھی لکھ بھیجی اور وہ اس پر بحث چاہتے ہیں، اس پر اپنا ایک کردار ادا کرنا چاہتے ہیں۔ European Parliament میں بات ہو رہی ہے اور US Congress میں 18 تاریخ کو، آج ہی میں کشمیر کمیٹی کے ارکان سے کہہ رہا تھا کہ 18 تاریخ کو پاکستان کا جو congressional caucus ہے اس نے ایک hall book کرا دیا ہے in Capitol Hill اور اس میں وہ ایک presentation دینا چاہتے ہیں to the Members of the House and the Senate کہ وہاں کیا ہو رہا ہے۔ آج جیسا وہ سمجھتے ہیں یا نرندرا مودی جیسا تاثر دینے کی کوشش کر رہا تھا کہ everything is under control. If everything is under control then why do

you have a curfew imposed for the last 24 days all over Jammu and Kashmir.آپ یہ بھی دیکھیں گے۔

پھر میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ Human Rights Council کا اجلاس بھی 9 تاریخ کو شروع ہو رہا ہے۔ میں اس ایوان کو اعتماد میں لینا چاہتا ہوں کہ ان شاء اللہ میں وہاں پر جاؤں گا اور جو ہمارا قانونی پہلو ہے وہ تو اپنی جگہ پر ہے لیکن میں وہاں جا کر انسانی پہلو کو ابھاروں گا اور وہ لوگ جس طرح وہاں پر انسانی حقوق کو پامال کر رہے ہیں، ان کو اجاگر کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں اور ان شاء اللہ ان کا اصلی چہرہ، ان کا وہ fascist چہرہ، ان کی فسطائیت اور ان کی ہٹلر والی سوچ جو آج نریندرا مودی ہٹلر کی شکل میں ہمیں دکھائی دے رہا ہے اس کو ان شاء اللہ ہم بے نقاب کریں گے۔

جناب والا! آج ہم نے legal options بھی دیکھنی ہیں کہ ہمارے پاس کون کون سی legal options ہیں۔ ہم اس وقت legal options کا مطالعہ بھی کر رہے ہیں legal options کو دیکھ کر آپ سے ہم رہنمائی حاصل کریں گے۔ یہاں ہمارے پاس بڑے پائے کے قانون دان موجود ہیں، جو دونوں ایوانوں میں موجود ہیں اور مختلف سیاسی جماعتوں میں موجود ہیں، ہم ان سے input ضرور حاصل کرنا چاہیں گے۔ ہم ICJ میں جا سکتے ہیں یا نہیں جا سکتے۔ کیا ہم bilaterally جا سکتے ہیں، اگر ہم جا سکتے ہیں اور وہاں پر بات ہو سکتی ہے تو کیا وہ advisory nature کی ہو گی، کیا advisory opinion حاصل کرنے کے لیے resolution درکار ہے۔ یہ ساری قانونی چیزیں ہیں جو اس وقت examine کی جا رہی ہیں، ہم نے international lawyers engage کیے ہیں، ان شاء اللہ ان سے input لے کر حکمت عملی اپنائیں گے۔

Diplomatic outreach کی بات کی گئی۔ میں اس ایوان سے عرض کرنا چاہوں گا کہ diplomatic outreach میں وزیر اعظم پاکستان global leaders سے رجوع کر رہے ہیں، مسلسل گفتگو میں ہیں، آج بھی یہاں آنے سے پہلے ان کی عرب امارات کے Crown Prince محمد بن زید سے گفتگو ہوئی، میں اس میں موجود تھا۔ اس سے پہلے سعودی عرب کے Crown Prince محمد بن سلیمان صاحب سے بات ہوئی۔ فرانس کے صدر اور برطانیہ کے وزیر اعظم سے بات ہوئی، میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا۔ میں بھی اپنی سطح پر وزرائے خارجہ کو

پاکستان کا نقطہ نظر پیش کر رہا ہوں، دوستوں نے اور شیری رحمٰن صاحبہ نے کہا کہ I should have not been seen here and sort of trotting around the globe. Yes, I understand اس کی بھی ایک value ہے، اس کی significance ہے، I understand that لیکن اس وقت time of essence اور اس مختصر وقت میں ہماری خواہش ہے کہ ہمارا پیغام زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچے کہ پاکستان کیا کہہ رہا ہے، پاکستان کا نقطہ نظر کیا ہے اور پاکستان کا موقف کیا ہے۔ اس چیز کو ہم مرتب کر رہے ہیں اور مزید ہو گا، میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ مزید ہو گا because the situation is evolving. You and I do not know exactly کہ اس وقت مقبوضہ کشمیر کی اصل حالت کیا ہے کیونکہ ایک iron curtain ہے، communication blackout ہے، internet services نہیں ہیں، mobile service بند ہے، کسی کو جانے نہیں دیتے، journalist نہیں جا سکتا، proper reporting نہیں ہو رہی۔ خدا جانے حقیقت کیا ہے، غذائی قلت اور ادویات کی کیا پوزیشن ہے، جیسے جیسے حالات سامنے آئیں گے تو ہمیں اپنی حکمت عملی کو اس کے مطابق مرتب کرنا ہو گا۔

جناب والا! میں ایک چیز اس floor سے کہنا چاہتا ہوں کہ اگر بھارت کی سرکار کو یہ غلط فہمی ہے کہ پاکستان ان کے سامنے جھک جائے گا یا ان کے دباؤ میں آ جائے گا تو وہ کان کھول کر سن لے کہ پاکستان جھکنے والا نہیں، اس پر ہمارا اصولی موقف ہے۔ اس وقت تو انہوں نے ٹیلیویژن block کر رکھا ہے، ہو سکتا ہے کہ FM radio کی waves وادی تک پہنچ رہی ہوں اور ہماری آواز ان تک پہنچ جائے، کشمیریوں کو یہ آواز پہنچنی چاہیے کہ آپ نہ تنہا تھے اور نہ ہیں، اس قوم میں resolve ہے، جیسے یہاں پر کہا گیا کہ یہ حملہ صرف مقبوضہ کشمیر پر نہیں ہوا، ان کی نظر پاکستان پر بھی ہے۔ آج جو طبقہ ہندوستان میں غالب ہے، اس طبقے نے پاکستان کو دل سے تسلیم نہیں کیا، یہ BJP کا وہ طبقہ ہے جو واجپائی سے بھی مختلف ہے۔ واجپائی آیا، مینار پاکستان گیا لیکن نریندر مودی، امت شاہ کی سوچ ایک ہے اور جو اجیت دوول کی doctrine ہے وہ BJP کی سوچ سے بھی آگے ہے اور مختلف ہے، یہ پاکستان کو ذہنی طور پر قبول نہیں کرتے اور جو پاکستان کو قبول نہیں کرتے، وہ آزاد کشمیر کو کیسے قبول کریں گے، گلگت بلتستان کو کیسے تسلیم کریں گے، بات یہاں تک نہیں ٹھہرتی، اگر اکھنڈ بھارت آپ کا مطمع نظر ہے تو

اکھنڈ بھارت تو میانمار سے افغانستان تک جاتا ہے، اس کی حدود سری لنکا تک پہنچتی ہیں۔ دنیا کو یہ سوچنا چاہیے کہ آج بھارت کی سوچ پنڈت نہرو کی نہیں ہے، پنڈت نہرو اور گاندھی کا ہندوستان دفن ہو گیا، سیکولر ہندوستان کو مسخ کر دیا گیا ہے، آج ہندوستان کا چہرہ نریندرا مودی کا چہرہ ہے، آج RSS کا ہندوستان ہے، RSS کی ideology ہے جو supreme ہے، جو prevail کر رہی ہے ، آج ہندوتوا ہے جو prevail کر رہی ہے۔ پاکستانی قوم کو سمجھنا ہو گا۔ مخالف پہلے بھی تھے لیکن ان کے انداز مختلف تھے، مخالف یہ بھی ہیں لیکن ان کی سوچ مختلف ہے، ان کا mindset مختلف ہے، اس mindset کا مقابلہ کرنے کے لیے قوم کو تیار ہونا ہو گا۔

جناب چیئر مین! ہم diplomatic outreach کر رہے ہیں اور کریں گے۔ میری دیانت ورانہ رائے ہے کہ اپوزیشن کے معزز ممبران ایسے پائے کے ہیں کہ جن سے کام لیا جا سکتا ہے، ان کا ایک نام ہے، ان کی واقفیت ہے، وہ اس issue سے دلچسپی اور سمجھ بھی رکھتے ہیں، یہ مسئلہ صرف حکومت کا نہیں ہے، پارٹی کا نہیں ہے، یہ مسئلہ پاکستان کی بقا کا ہے، مستقبل کا ہے، یہ پاکستان کی ایک ایک سانس کا مسئلہ ہے۔ اگر ہم سب مل کر آواز اٹھائیں گے تو ان شاء اللہ بڑی موثر آواز ہو گی۔

میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ OIC کی بات کی گئی، کچھ دوستوں نے ایران کا حوالہ دیا، ترکی کی بات کی، ملائشیا کا بھی تذکرہ ہوا لیکن کچھ لوگوں نے مایوسی کی بات بھی کی کہ فلاں نہیں بولا اور فلاں نے یہ کیا۔ میں آپ کے جذبات سے ناواقف نہیں ہوں لیکن مت بھولیے کہ جب بوسنیا ہرزیگووینا کا مسئلہ شروع ہوا تھا تو دنیا فوری طور پر نہیں جاگی تھی، دھیرے دھیرے narrative تبدیل ہوا تھا اور پھر دنیا پلٹی تھی۔ ان شاء اللہ مجھے یقین کامل ہے کہ امہ کا ادارہ OIC اپنا کردار ادا کرے گا۔ میں مانتا ہوں کہ State کے interests ہوتے ہیں، ایک بہت بڑی منڈی ہے، investments کی چیزیں ہوتی ہیں، مجبوری ہوتی ہے۔ میں مانتا ہوں کہ آج اس region میں ایک strategic shift دکھائی دیتی ہے، آج ایک نئی realignment سامنے آچکی ہے لیکن ان realignments کو سامنے رکھتے ہوئے آپ نے دیکھا کہ جو روس بھارت کے نقطہ نظر سے متفق ہوتا تھا، آج اس کی سوچ مختلف ہے، یہی اشارے ہیں کہ جن کو سمجھنے اور پڑھنے کی ضرورت ہے، ہمیں مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق صاحب نے کہا کہ ہمیں مقبوضہ کشمیر کی اہمیت کو اور زیادہ اجاگر کرنا چاہیے، وہاں تو قید ہے، ایک open-air جیل ہے اور یہاں ایک منتخب

حکومت ہے۔ میں بر ملا کہنا چاہوں گا کہ جب میں اس منتخب حکومت کے وزیر اعظم کی خدمت میں پیش ہوا تو انہوں نے مجھے بہت عزت دی، ہم نے اکٹھے مظفر آباد میں عید کی نماز پڑھی that was also a message that went when I was standing *Bilawal* was standing next to me and *Jhegra Sahib* was there and *Abbasi Sahib* was there. So it was a message. اس message کو مسلسل جانا چاہیے، اس سے وہ طبقہ ہمت پکڑے گا، انہیں demoralize نہیں ہونا چاہیے، آج ان کا morale اوپر رہے گا، وہ نظریں آپ کی طرف دیکھ رہی ہیں، اگر وہ آپ میں یکسوئی، اعتماد اور خودداری دیکھیں گے تو وہ بھی اٹھیں گے۔ حق و سچ ہے، آپ کا مقدمہ قانونی طور پر مضبوط ہے، آپ کے موقف کو دنیا تسلیم کرتی ہے۔ نہرو کے جو الفاظ ہیں، Security Council میں جو تقاریر ہیں وہ چھپی ہوئی نہیں ہیں، انہوں نے جو وعدہ کیا تھا اور جو لکھا گیا ہے، لمبی لمبی کہانیاں ہیں، اس پر جانے کا وقت نہیں ہے۔ ہم ان شاء اللہ اپنے اس موقف پر قائم رہیں گے اور آگے بڑھیں گے۔ قوم کو حوصلہ چاہیے اور حوصلہ قیادت دیتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج کی پاکستان کی قیادت نے قوم کو حوصلہ دیا ہے، آپ نے حوصلہ دیا ہے، عوام نے حوصلہ دیا ہے، قومی اسمبلی اور joint session نے حوصلہ دیا ہے، مجھے اس حوصلے پر فخر ہے۔

میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سینیٹر شیری رحمٰن صاحبہ تشریف فرما ہیں، شاہ صاحب تشریف فرما ہیں، کچھ دوست موجود نہیں ہیں۔ جب ہم 5 فروری کو گئے، یہ واقعہ تو 5 اگست کا ہوتا ہے جب ہم House of Commons میں کھڑے ہوئے اور آپ سب کھڑے ہو کر بولے، آپ ایک ایک نے یک زبان ہو کر بات کی۔ خدا کی قسم آپ نے مجھے مضبوط کیا، مجھے نہیں بلکہ پاکستان کے موقف کو مضبوط کیا and that showed that yes we as a democracy are evolving, we are growing, yes, we had difficulties in the past, we had made mistakes but gradually we are moving out and gradually we are learning from our mistakes. ان شاء اللہ this collective wisdom will prevail and this will strengthen Pakistan. آپ نے جس طرح پاکستان کو 5 فروری کو سرخرو کیا تھا، مجھے یقین ہے کہ ان شاء اللہ ہم اس کو مزید سرخرو کریں گے۔

جناب! وزیر اعظم نے اعلان کیا ہے کہ کل آدھ گھنٹے کے لیے تمام لوگ اپنا پر امن احتجاج recordکرائیں۔ پاکستان کا ترانہ ہو گا، کشمیر کا ترانہ ہو گا اور یک جہتی کا مظاہرہ ہو گا۔ یک جہتی کس سے ہو گی، سکول کا بچہ بھی ہو گا، universityکا studentبھی ہو گا، دفتر کا ملازم بھی ہو گا، بازار کا تاجر بھی ہو گا، کھیت کھلیان کا کسان بھی ہو گا اور آپ کا parliamentarianبھی ہو گا اور جب یہ سائرن کے بعد جائے گا کہ پوری قوم اکٹھی ہے۔ میں آج کہہ رہا ہوں کہ ان شاء اللہ 3 messageستمبر کو برطانیہ کی حکومت دیکھ لے گی۔ ان شاء اللہ 3 ستمبر کو Hyde Parkسے جلوس نکلے گا اور وہ جلوس Indian High Commissionکے سامنے جائے گا۔ ان شاء اللہ وہ تاریخ رقم کرے گا، وہ کشمیری، پاکستانی تاریخ رقم کرے گا جو جمہوری قدروں کا علم بردار ہے جو human rights valuesپر believeکرتا ہے۔

جناب! Jeremy Corbynکا تعلق کوئی مسلم لیگ سے ہے یا پیپلز پارٹی سے ہے یا پی ٹی آئی سے ہے، he is leader of the Labour Party and look, what he said. آج ہندوستان کے Doval اس کے پیچھے پڑ گئے ہیں لیکن he has taken a position. There are many such leaders Mr. Chairman, in the days ahead they will take a position because they believe in what we are saying and they have conviction in what they are saying. ان شاء اللہ مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو سرخرو کرے گا، اللہ تعالیٰ کشمیر کو آزادی دے گا، اللہ تعالیٰ کشمیریوں کو سرخرو کرے گا اور اللہ تعالیٰ پاکستان کو رہتی دنیا تک قائم رکھے گا۔ اس کی طرف جو میلی آنکھ سے دیکھے گا تو وہ آنکھ بھی پھوڑ دی جائے گی اور ان شاء اللہ مملکت خداداد پاکستان قائم رہے گی۔ آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب سیکریٹری صاحب! کل کے بارے میں جو programmeمرتب کیا گیا ہے، آپ اس کے بارے میں House کو بتا دیں، سیکریٹری صاحب! آپ announcementکریں۔

## Announcement by the Secretary Senate regarding Kashmir Solidarity Day

Mr. Muhammad Anwar (Secretary Senate): Sir, with your kind permission, thank you very much.

ہمیں ایک Cabinet letter آیا ہے اور Federal Minister for Kashmir Affairs and Gilgit-Baltistan کی طرف سے ایک letter آیا ہے۔ اس کا schedule اس طرح ہے کہ کل 12 بجے قومی ترانہ ہو گا اور 12 بج کر 3 منٹ پر آزاد جموں و کشمیر کا قومی ترانہ ہو گا۔ وزیر اعظم صاحب parliamentarians کے ساتھ Parliament House کے سامنے تشریف لائیں گے اور وہ وہیں lawn میں نوجوانوں اور بشمول universities کے students موجود ہوں گے، ان کو address کریں گے۔

جناب! اسی طرح ہمیں جو order ہے، Parliament کے سارے ملازمین باہر lawn میں جائیں گے۔ یہ schedule دیا گیا ہے اور ہم نے یہ circulate بھی کیا ہے، اس کے تحت جو programme ہو گا، ہم اس میں participate کریں گے۔ اسی طرح پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کے جھنڈے وہاں پر لہرائے جائیں گے اور اس سارے function میں participate کیا جائے گا۔ آپ سے بھی گزارش ہے اور آپ کی اطلاع کے لیے ہے کہ آپ بھی وہاں پر تشریف لائیں۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: The House stands adjourned to meet again on Friday the 30th August, 2019 at 10.00a.m.

--------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 30th August, 2019 at 10.00 a.m]*

--------------------

Index


Mr. Muhammad Shabbir Ali Qureshi ........................................................ 12, 13
Senator Farooq Hamid Naek ........................................................ 5, 6
Senator Lt. General (Retd.) Abdul Qayyum ........................................................ 8
Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh ........................................................ 7
Senator Mirza Muhammad Afridi ........................................................ 5
Senator Muhammad Asad Ali Khan Junejo ........................................................ 6
Senator Muhammad Azam Khan Swati ........................................................ 10, 11, 12
Senator Mushtaq Ahmed ........................................................ 4
Senator Seemee Ezdi ........................................................ 4
Senator Sherry Rehman ........................................................ 4, 13
Senator Syed Shibli Faraz ........................................................ 2, 25, 26
سینیٹر ڈاکٹر اشوک کمار ........................................................ 24, 25
سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق ........................................................ 7, 28
سینیٹر ستارہ ایاز ........................................................ 45
سینیٹر سراج الحق ........................................................ 41, 42, 55
سینیٹر سید شبلی فراز ........................................................ 14, 15, 16, 17, 18, 21, 22
سینیٹر شیری رحمان ........................................................ 14, 16, 18, 19, 20, 21
سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر)عبدالقیوم ........................................................ 9
سینیٹر محمد اعظم خان سواتی ........................................................ 7, 8, 15
سینیٹر محمد جاوید عباسی ........................................................ 15
سینیٹر محمد علی خان سیف ........................................................ 38, 39, 40
سینیٹر میاں رضا ربانی ........................................................ 10
سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ ........................................................ 22, 23, 24
سینیٹرشیری رحمان ........................................................ 32
مخدوم شاہ محمود قریشی حسین ........................................................ 47